SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, December 15, 1998

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty minutes after six in the evening with Mr. Chairman (Mr .Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولا تستوی الحسنتہ ولا السیئۃ ادفع بالتی ھی احسن فاذ الذی بینک وبینہ عداوۃ کانہ ولی حمیم O وما یلقھا الا الذین صبروا وما یلقھا الا ذوحظ عظیم O واما ینزغنک من الشیطن نزغ فاستعذباللہ انہ ھوالسمیع العلیم O ومن ایتہ الیل و لانھار والشمس والقمر لا تسجدو اللشمس ولا للقمر واسجدوا اللہ الذی خلقھن ان کنتم ایاہ تعبدونO

ترجمہ : اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہوسکتی ۔ تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو(ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے۔ اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے جو برداشت کرنیوالے ہیں۔ اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں۔ اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے کوئی وسوسہ پیدا ہو تو خدا کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بیشک وہ سنتا جانتا

ہے۔ اور رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں - تم
لوگ نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو بلکہ خدا ہی کو سجدہ کرو جس نے
ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے۔

جناب چیئرمین : جزاک اللہ۔

PANEL OF PRESIDING OFFICERS

In pursuance of sub Rule 1 of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, I nominate the following members in order of precedence to form the Panel of Presiding Officers for the 92nd Session of the Senate of Pakistan.

1. Ch. Muhammad Anwar Bhinder.
2. Mr. Muhammad Akram Zaki.
3. Hafiz Fazal Muhammad.

QUESTION AND ANSWERS

Mr. Chairman: Question No.1, Saifullah Khan Paracha Sahib.

1 * Mr. Saifullah Khan Paracha: Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) Whether it is a fact that Hajis travelling between Karachi and Jeddah and back suffer inconvenience while using usual water basin and European style toilet;

(b) the reasons for not installing Muslim Shower provide lota and desi toilet in PIA Aircraft travelling between Karachi and Jeddah; and

(c) the steps proposed to be taken in this regard?

Minister Incharge for Defence: (a) Desi toilets and Mulsim Showers are availble in the departure and arrival lounges in Pakistan and Saudi Arabia. The flight from Karachi to Jeddah is of less than four hours duration. The passengers make use of these facilities before boarding, therefore, the number of passengers facing any possible inconvenience due to non-availability of these facilities on board is very small.

(b) As a standard design feature all passenger aircrafts are equipped with European style toilets as a manufacturing deature. These toilets have a limited volume waste collector tank. The clean water storage volume on board the aircraft is also limited since it caters for hand wash only.

The installation of Muslim Shower in the toilet areas will constitute a major modification and will require No Technical objection Certificate from the Aircraft Manufacturer together with other Certification i.e. Supplemental Type Certificate (STC) from Federal Aviation Administration (FAA)/Civil Aviation Authority (CAA)/French Civil Aviation Authority (DGAC) for meeting the air worthiness requirements. Carrying of extra weight of water, storage tank, waste tank and extra structural supports will also effect the payload of the aircraft.

(c) In order to evolve a solution, other airlines from Muslim countries such as Saudia, Kuwait and Emirates have been contacted to evaluate how they address the issue.

Mr. Chairman: Supplementary question?

Mr. Saifullah Khan Paracha: Yes, sir. This is a very important issue and I have brought this matter not because of any other reason, I am myself diabetic. It is physically impossible

یہ کہتے ہیں کہ چار گھنٹے کا سفر ہے اور ادھر آپ کے لئے کراچی میں انتظام ہے۔ آپ اور ہم سب جانتے ہیں کہ جب ہم جدہ پہنچتے ہیں تو وہاں تین گھنٹے لگنا تو بڑی معمولی سی بات ہے ' چار گھنٹے کا سفر ہے ۔ دوسرا یہ ہے کہ یہاں سے جب ہم حج یا عمرہ کے لئے جاتے ہیں تو ہمیں احرام باندھ کر جانا پڑتا ہے اس وجہ سے کہ جہاز میقات سے گزرتا ہے ۔ اس واسطے لازم ہے کہ احرام کراچی میں باندھا جائے ۔ اب انہوں نے یہ فرمایا کہ یہ ممکن نہیں ہے ۔ اتنی معمولی سی بات ہے اور لاکھوں پاکستانی جاتے ہیں حج اور عمرہ کے لئے ' تو کیا وزیر صاحب اس کے متعلق کچھ فرمائیں گے ۔

جناب چیئرمین : جی وزیر انچارج آف ڈیفنس۔

جناب شاہد خاقان عباسی : جی میں نے جواب دے دیا ہے کہ existing seat میں یہ modification ممکن نہیں ہے۔ اس کی بہت سی وجوہات ہیں لیکن بنیادی طور پر جب جہاز کے اندر کوئی تبدیلی کی جائے تو اس کی بہت زیادہ approval لینی ہوتی ہے اور اس کے لئے structural modification بھی چاہیئے۔ اس لئے یہ ممکن نہیں ہے ۔ جو نیا fleet ہوگا اس میں ہم investigate کروا رہے ہیں کہ کس طرح اس مسئلے کو حل کیا جائے۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ جی جناب ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی : جناب سیف اللہ پراچہ صاحب نے واقعی ایک اہم مسئلہ اٹھایا ہے۔ حاجی صاحبان احرام باندھتے ہیں جب وہ اس toilet میں جاتے ہیں تو ان کے کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں' ان کو وہ بدل بھی نہیں سکتے ہیں۔ تو آیا وہ as a special case اسے لیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کوئی مشکل نہیں ہے ۔ اگر چیئرمین صاحب چاہیں تو ان کے لئے بالکل آسان ہے as a special case اس مسئلے کو حل کرنا ۔ چونکہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور وہ اس سسٹم کو change کر سکتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ بحیثیت اسلامی ملک اور we are Pakistanis, یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے اور وہ کہتے ہیں کہ نہیں اس کے لئے بڑا لمبا process وغیرہ ہوگی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ کرنا نہ چاہیں تو مشکل ہے اور اگر وہ کرنا چاہیں تو آسان ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پورے ہاؤس کا بھی مسئلہ ہے اور پوری قوم یہی چاہتی ہے اور تمام حاجیوں کی یہ ڈیمانڈ ہے ۔ ہم سے وہ یہ شکایت کرتے ہیں کہ خدارا ! اس

مسئلے کو حل کریں - میں سمجھتا ہوں کہ دوسرا سسٹم ہونا چاہیئے اور آپ اپنے ذاتی interest سے ان کو کہیں کہ اس کو reconsider کریں اور وہ ہمیں بتائیں کہ کب تک کریں گے۔

جناب چیئرمین ، جی منسٹر برائے ڈیفنس۔

جناب شاہد خاقان عباسی ، جیسا کہ میں نے پہلے بھی جواب دیا ہے اور written بھی ہے کہ it is not possible to make this change in the existing seat. نئے جہازوں میں ہم کوشش کریں گے۔ ان جہازوں میں it is absolutely not possible

جناب چیئرمین ، شکریہ جی ۔جی جناب حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ، ویسے تو ہمارے حجاج کرام کو انتہائی مشکلات کا سامنا ہے اس سلسلے میں اور ہمارے دو سینیٹر حضرات نے کافی تفصیلات بتائی ہیں۔ جس طرح منسٹر صاحب نے جواب دیا ہے کہ restructuring of toilets in P.I.A.aeroplanes were impossible تو میں انہیں صرف اتنا بتانا چاہوں گا کہ restructuring کی بات نہیں ہے، جس طرح یہاں کہا گیا ہے کہ conservative یا traditional لوٹا ۔ اس میں پائپ سسٹم کیا جا سکتا ہے جس طرح عام toilets میں shovering ہوتا ہے اس طرح کیا جا سکتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ restructuring میں واقعی مشکلات ہوں گی لیکن اتنا کیا جا سکتا ہے کہ جس طرح عام toilet میں ، ماڈرن toilets میں ایک سسٹم ہے لوٹے کی بجائے، ویسے آپ اسے ماڈرن لوٹا کہیں، لوٹا تو ہم ویسے خود بھی پیدا کر رہے ہیں ،لیکن یہ جو ماڈرن طریقہ ہے یہ کیا جا سکتا ہے۔ ایسی کوئی مشکل نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے استفادہ ہونا چاہیئے۔

جناب چیئرمین ، جی جناب مسعود کوثر صاحب ، آپ کی کیا تجویز ہے۔

بیرسٹر مسعود کوثر ، جناب میں یہ سمجھتا ہوں کہ اور بھی ایسے اسلامی ممالک ہیں اور مسلمان صرف پاکستان میں ہی نہیں ہیں دیگر ملکوں میں بھی ہیں، وہ بھی حج کے لئے تشریف لاتے ہوں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ ضروری نہیں ہے کہ لوٹا ہی استعمال کیا جائے۔ لوٹے آج کل اور جگہ استعمال ہو رہے ہیں میں یہ سمجھتا ہوں کہ via-media نکال کر، ان حجاج صاحبان کو، جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر دیسی toilet بھی بن جائے تو جو احرام کی حالت ہوتی ہے اس میں بھی شاید ان کو وہ پوری

حاصل نہ ہو تو بات لوٹے اور دیسی toilet کی نہیں ہے، بات یہ ہے کہ آپ کوئی facility کریں تاکہ جو حجاج صاحبان کی جو تکلیف ہے اسے دور کیا جائے سکے۔ alternate arrangement آپ اس پر اس قسم کی کوئی کمیٹی بٹھائیں گے جو اس پر سوچے کہ کیا تجویز ہو سکتی ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی شاہد خاقان صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی۔ جیسے میں نے سوال میں ذکر کیا ہے کہ ہم نے دوسری air lines سے بات کی ہے جو Muslim countries کی air lines ہیں کہ اس مسئلے کو وہ کس طرح حل کر رہے ہیں۔ اگر Standing Committee of Defence چاہے تو وہ بھی اس مسئلے پر briefing دے سکتے ہیں کہ کیسے مسئلہ حل ہو۔ فی الحال ان کے پاس بھی کوئی حل نہیں ہے لیکن وہ بھی ڈھونڈ رہے ہیں کہ اس کو کس طرح حل کیا جائے۔ ایک مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی سیف اللہ خان پراچہ صاحب۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ اس معاملے کو وہ سمجھ نہیں رہے ہیں کہ صرف پاکستان سے جو لوگ جاتے ہیں وہ میقات سے گزر کر جاتے ہیں، ہمیں احرام باندھنا پڑتا ہے۔ اگر یورپ سے آئیں، افریقہ سے آئیں تو یہ مسئلہ نہیں ہے کیونکہ وہ جدہ پہنچ سکتے ہیں اور وہاں پر اپنا احرام باندھ سکتے ہیں۔ ملائیشیا سے problem نہیں ہے، انڈونیشیا سے problem نہیں ہے اگر problem ہے تو ہمیں problem ہے اور یہ مسئلہ جو ہے آپ کہتے ہیں اور مسلمان ملکوں سے ہم پوچھیں گے، ان کو تو یہ problem ہی نہیں ہے تو کیا وزیر صاحب یہ سوچیں گے۔

جناب چیئرمین۔ جی وزیر صاحب۔

جناب شاہد خاقان عباسی۔ جناب جو بھی Saudi Arabia کی East پر countries ہیں سب کو یہ problem ہے اور میں نے پہلے ذکر کیا ہے کہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ کس طرح اس مسئلہ کو حل کیا جائے۔ موجودہ جہازوں میں ممکن نہیں ہے کیونکہ ان کا ایک structure بنا ہوا ہے، water supply limited ہے جو systems ہیں وہ already بنے ہوئے ہیں، ممکن نہیں ہے کہ یہ system نیا لگایا جائے۔ نئے جہازوں میں اس مسئلے کو کس طرح حل کرنے کے لئے ان سے بات کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ بہر حال جی کافی سوالات ہو گئے ہیں۔ Next question No. 2 Mr.

answer taken as read, supplementary question جی Saifullah Khan Paracha Sahib

2. * Mr. Saifullah Khan Paracha: Will the Minister for Railways be pleased to state;

(a) the date-wise details of rock salt wagon loaded since 1st January1998 indicating also the names of the railw, the named of loaders, wagon number, destinations, the consignees and the where about of these wagons;and

(b) the time by which these wagons will reach the destination?.

Minister for Railways: The detailed information in this respect is being collected from Pakistan Railways, Headquarters Office, Lahore which will be submitted on next rota date.

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ جناب انہوں نے answer تو دیا ہی نہیں ہے تو جب answer نہیں دیا تو میں supplementary کیا کروں۔

جناب چیئرمین۔ جی اس کا جواب کون دے گا۔ آپ دے دیں گے۔ جی ریلوے کے بارے میں Answer آیا نہیں، جی کہتے ہیں کہ جواب نہیں آیا۔

سید غوث علی شاہ۔ جناب اس لئے کہ جو details پوچھی گئی ہیں یہ پورے ایک سال کی ہیں اور اس میں loaders کے نام بھی دینے ہیں، railway stations بھی دینے ہیں، wangons ہیں تو یہ سارے collect نہ ہو سکے اور اتفاق سے اس ڈویژن کا Minister Incharge بھی نہیں ہے تو next rota day پر انشاء اللہ تعالیٰ full جواب دیں گے۔

جناب چیئرمین۔آپ نے کافی تفصیل مانگی ہے۔

wagon numbers, names of loaders

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ جناب اس وجہ سے مانگی ہے کہ ریلوے دن بدن برباد ہو رہی ہے اور here is an example and the Chief Loader salt کا PMDC خود ہے اور ان

ریلوے والوں کی اتنی بے توجہ ہے۔ میرا ریلوے والوں کے ساتھ بڑا قریبی واسطہ رہا ہے' it's not such a fantastic information کہ وہ یہ gather نہیں کر سکے' either they are trying to hide something or else they are not doing their job تو یہ میری گزارش ہے۔ Next rota day پر کریں گے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ میں آپ کو وجہ بتاتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی' جی صفدر صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب وجہ یہ ہے کہ ساری wagons جو ہیں وہ اتفاق کی اور ان کے دیگر گروپ کی' چینی لے کر دہلی میں کھڑی ہوئیں ہیں' وجہ یہ ہے کہ ساری wagons دہلی میں کھڑی ہیں ۔تو مجھے لگتا ہے کہ شاہ صاحب اس سوال کو avoid کرنا چاہ رہے ہیں' اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ساری wagons sugar لے کر وہاں دہلی میں کھڑی ہیں اور ابھی تک ان کو واپسی کی کوئی امید نظر نہیں آ رہی ہے۔

جناب چیئرمین ۔ اچھا۔ جی جناب زاہد خان صاحب۔ یعنی اس چیز پر سوالات جس کا جواب بھی نہیں ہے۔ فرمائیے جی۔

جناب محمد زاہد خان۔ اور Minister بھی نہیں ہیں تو یہ جواب دے سکیں گے۔

جناب چیئرمین۔ جی' جی فرمائیے۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب آج کل ریلوے کے مزدور ان کے مطالبات ہیں وہ ہر سٹیشن پر بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ privatization کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ کیا حکومت اس کے لئے کچھ کر رہی ہے' اس کے پاس کوئی planning ہے کہ مزدور اس سے مطمئن ہو جائیں کہ وہ بھوک ہڑتالیں ختم کریں یا ہڑتالیں ختم کر دیں۔ Minister صاحب کچھ بتا سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ جی Minister صاحب۔

سید غوث علی شاہ۔ اصل جو سوال ہے اس کا جواب ہے اس پر تھوڑا time لگے گا۔ اس کے ساتھ جہاں تک ہڑتال کا سوال ہے' نیا question کریں گے تو پتا لگا کے' اس کا بھی

جواب عرض کر دیں گے۔

Mr. Chairman: O.K.

answer taken as read, supplementary question اقبال حیدر صاحب Next question No.3 جی.

جی فرمائیے۔

3 *. **Syed Iqbal Haider**: Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state the number of women murdered, injured, burnt to death or injured, raped, kidnapped and committed suicide since January 1998 in each province with month -wise break-up?.

Ch. Shujaat Hussain: The requisite information with respect to the Punjab Province and I.C.T is at Annex-A and Annex-B respectively.

Information in respect of other Provinces is awaited . The same will be placed before the House as soon as it is received.

Annex-I

COAL CONSUMPTION, POWER GENERATION AND RUNNING HOURS OF 3x 50 MW COAL FIRED THERMAL POWER PLAN, KNANOTE-LAKHRA

MMS

Month	Coal Consumption (M. Tons) Unit No. ST-1	Unit No. ST-2	Unit No. ST-3
Jul-97	—	17131.137	15921.6
Aug-97	—	16399.09	20236.62
Sep-97	—	22291.68	—
Oct-97	—	3717.98	10317.61
Nov-97	22841.344	—	—
Dec-97	12265.758	2885.64	13098.631
Jan-98	—	10248.86	10598.22
Feb-98	10924.98	13180.11	11056.12
Mar-98	9783.194	16424.347	14364.459
Apr-98	6558.56	—	2695
May-98	24245.331	64.624	17118.045
Jun-98	10216.79	—	4523.21
Jul-98	11818	—	5387
Aug-98	8735	2851	19779
Sep-98	—	10412	21679
Oct-98	4001.18	4356.108	13461.142
Nov-98	7854.878	5395.063	16189.059
Dec-98	—	—	—

Annex-3

Running Hours (Hours)

Month	Unit No. ST-1	Unit No. ST-2	Unit No. ST-3
Jul-97	—	469.33	467.41
Aug-97	—	464.2	580.41
Sep-97	—	654.21	—
Oct-97	—	109.13	397.03
Nov-97	670.09	—	—
Dec-97	370.9	79.4	386.59
Jan-98	—	300.27	301.36
Feb-98	320.11	385.17	323.22
Mar-98	371.45	508.02	449.054
Apr-98	211.25	—	83.49
May-98	744	7.38	553.15
Jun-98	337.1	—	128.36
Jul-98	381.88	—	190.51
Aug-98	286.8	91.97	650.53
Sep-98	—	342.45	704.19
Oct-98	128.32	141.23	478.06
Nov-98	266.34	163.56	512.34
Dec-98	—	—	—

Annex-2

Power Generation (in KWH)

Month	Unit No. ST-1	Unit No. ST-2	Unit No. ST-3
Jul-97	—	19134000	18319000
Aug-97	—	18137000	22679000
Sep-97	—	25215000	—
Oct-97	—	4256000	14858000
Nov-97	26086000	—	—
Dec-97	14179000	2972000	15071000
Jan-98	—	11558000	12024000
Feb-98	12442000	14904000	12484000
Mar-98	11364000	19944000	17609000
Apr-98	8254000	—	3202000
May-98	30876000	218000	21551000
Jun-98	13800000	—	6001000
Jul-98	15710000	—	6983000
Aug-98	11313000	5607000	25629000
Sep-98	—	13492000	28011000
Oct-98	5014000	5412000	16976000
Nov-98	9980000	6480000	20006000
Dec-98	—	—	—

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب میں وزیر صاحب کی توجہ دلاؤں گا ان سے جو figures مانگی گئی تھی چاروں provinces کی ان خواتین کی جو murder ہوئیں یا زخمی ہوئیں یا ان کا ریپ ہوا یا kidnap ہوا ۔ انہوں نے اور provinces کا تو ابھی جواب یہاں نہیں دیا لیکن پنجاب کا جواب یہاں پر آیا ہے ۔ اورایک بات جس کی نشاندہی ہم یہاں بار بار کرتے رہے کہ پنجاب میں Law and Order situation بہت حد تک بہت زیادہ حد تک خراب ہے۔ figures یہ بتا رہی ہیں کہ گیارہ مہینے میں 1183 خواتین murder ہوئی ہیں یعنی ان کو مار دیا گیا ہے۔ 1293 خواتین جو ہیں وہ زخمی ہوئی ہیں ۔ 1341 خواتین کو ریپ کیا گیا ہے ۔ اور 3741 خواتین kidnap ہوئی ہیں ۔ میں جناب وزیر داخلہ سے پوچھتا ہوں کہ آیا وہ وزیرداخلہ کی حیثیت میں پاکستان کے وزیر داخلہ کی حیثیت میں پنجاب کے Chief Minister سے سوال کرسکتے ہیں یہ کیا ان کی صورت حال ہے وہاں پر ۔اس سے کم خراب صورت حال میں وزیراعظم صاحب نے Governor's Rule کی حمایت کی سندھ کے اندر اور ہماری Provincial Assembly کو وہاں تالے لگا دئیے گئے ہیں۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وفاقی وزیر داخلہ کی حیثیت میں کیا وہ پنجاب کے وزیراعلیٰ سے سوال کرسکتے ہیں کہ اس قسم کی pathetic اور گندی صورت حال جو ہے پنجاب کے اندر law and order کی

Mr. Chairman: Yes, Minister for Interior!

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا ! یہ سوال کم ہے ویسے statement زیادہ ہے۔ بہرحال جہاں تک figures کا تعلق ہے تو آپ ذرا ملاحظہ فرمالیجئیے اس میں یہ تو میں نہیں کہتا کیوں ہوا ہے لیکن کمی ضرور واقع ہوئی ہے ۔جیسا کہ یہ پہلے کہہ رہے ہیں کہ murder کے cases جو ہیں وہ 83 ہیں تو اس سے پہلے جو پچھلے مہینوں کا اگر لیا جائے figures تو اس سے کافی کمی واقع ہوئی ہے ۔اس لئے یہ کہنا کہ وہاں پر کچھ زیادہ واقعات ہوئے ہیں تو یہ غلط ہوگا۔

جناب چیئرمین: ان کا مطلب یہ ہے کہ نومبر میں باقی مہینوں کی نسبت کمی ہوئی ہے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب کیا کمی ہوئی ہے ۔ چلیں بحث کریں کیا کمی ہے ۔ 109 کی جگہ 83خواتین کو مار دیا گیا یہ کہتے ہیں کمی ہے ؟ میں ان سے پوچھنا چاہ رہا ہوں ۔ 105 کی

جگہ 25 زیادہ زخمی ہوگئی ہیں۔ 108 کی جگہ 97 ریپ ہوئے ہیں ۔ کیا کمی ہوئی چوہدری صاحب یہ بتائیں۔جناب آپ غلط بات نہ کریں ۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب پہلے اس کو پڑھیں تو سہی ذرا ۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب میں پڑھ رہا ہوں ۔ کیا کمی ہوئی ہے ؟

جناب چیئرمین : ایک منٹ سوال کا جواب آ جائے پھر آپ پوچھ لیں جی جناب supplementary جی فرمائیے شفقت محمود صاحب۔

جناب شفقت محمود : وزیر صاحب سے اس کا کوئی جواب نہیں بن پایا ۔ دوسرے صفحے پر Islamabad Capital territory صرف ایک ضلع وہ بھی چھوٹا سا۔ وزیر داخلہ جس کے directly incharge ہیں یعنی کہ اس میں کوئی صوبائی حکومت، کوئی کچھ نہیں وزیر داخلہ کے directly control میں آتا ہے ۔ذرا اس کو ملاحظہ فرمالیں ۔ چھوٹے سے ضلع میں nine women murdered, twenty injured, 33 women raped in Islamabad اور یہ directly ان کے under ہے اور یہ چھوٹا سا ایک ضلع ہے ۔ اور ابھی سندھ ، بلوچستان اورسرحد کی figures ہی نہیں ہوئیں ۔ 33 women raped, 23 women kidnapped اور ساتھ یہ کہتے ہیں کہ جی بہت کمی ہو رہی ہے ۔جنوری میں ان کے حساب سے 2 عورتیں rape ہوئیں ۔ نومبر میں تین عورتیں ریپ ہوگئیں اسلام آباد کے اندر ۔یہ کہتے ہیں کم ہو رہا ہے ۔ یہ کمی کی طرف رجحان ہے۔

Mr. Chairman: Yes Minister for Interior!

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا یہ کمی کی بات انہوں نے اسلام آباد کی شروع کی ہے پنچ پنجاب میں گئے ہیں ۔ دونوں کی بات علیحدہ علیحدہ کریں ۔آپ پوچھنا کیا چاہتے ہیں سوال تو پوچھیں ۔

جناب شفقت محمود: سوال یہ ہے کہ آپ چادر اور چار دیواری اور عورتوں کو تحفظ دینے میں totally ناکام ہیں آپ کو استعفیٰ دے دینا چاہیے ۔

چوہدری شجاعت حسین: چلیں بات ختم ہوگئی آپ نے یہ بات کر دی ؟ آپ تو statement دے رہے ہیں ۔

جناب شفقت محمود، عورتیں murder ہو رہی ہیں قتل ہو رہی ہیں آپ کہہ رہے ہیں سوال کیا ہے ۔ آپ کو تو اس پر شرم آنی چاہیے کہ آپ کہتے ہیں کہ سوال کیا ہے۔ عورتیں مر رہی ہیں قتل ہو رہی ہیں اور آپ کہتے ہیں سوال کیا ہے۔ خواجہ صاحب آپ بیٹھیں وزیر صاحب پہلے جواب تو دیں جو میں پوچھ رہا ہوں۔ ذرا بتائیں قوم کو کہ آپ محافظ ہیں قوم کے۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا ! ان کے دور کی دیکھ لیتے ہیں ان کے دور کی بھی سامنے رکھ دیتے ہیں ۔ میں جناب والا تسلیم کر رہا ہوں کہ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے لیکن یہ بتنگڑ بنانے والی بات نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: جی جناب قطب الدین صاحب

Khawaja Qutabuddin: Sir this is a very ------

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ جی قطب الدین صاحب

خواجہ قطب الدین: جناب میرے خیال سے ایسے الفاظ use نہیں کرنے چاہیں ۔

جناب چیئرمین۔ کیا الفاظ استعمال کئے ہیں۔

خواجہ قطب الدین۔جناب والا! کہتے ہیں کہ آپ کو شرم کرنی چاہیئے XXXX

I think this is unparliamentary and this should be expunged.

چوہدری شجاعت حسین۔ ان کو تو شرم نہیں ہے مجھے شرم آنی چاہیئے ان کو تو ویسے ہی شرم نہیں ہے ۔

Khawaja Qutabuddin: Sir, this is a very important question and a very important issue. I think, has the question asked for figures right from the day when the Peoples Party was also in power then, we would have been able to judge whether the situation has improved or deteriorated. So, I will request that in the next question answer session the Interior Minister should bring all

---

XXX These words are expunched by the order or the Chairman.

the figures what was the position exactly, as it has been reported for 1998, with all these crimes when Peoples Party was in power.

جناب چیئرمین۔ آپ سوال پوچھیں پھر جواب آ جائے گا۔ عباس سرفراز صاحب۔

(interruption).

Mr. Abbas Sarfraz Khan: Mr. Chairman thank you. A few months ago, as we might all recall there was a very gruesome murder here in Islamabad, it was death of a girl by the name of Neena Aziz, I would like to ask how far the investigation has progressed and what happened to those people who were arrested in the case. This was a very gruesome murder where the girl had her headcapitated. Would the Interior Minister kindly let us know where this matter progressed to. Thank you.

چوہدری شجاعت حسین ۔ جناب والا! معزز سینیٹر درست فرما رہے ہیں میں ان چیزوں کو defend نہیں کر رہا کہ ایسی چیزیں ہونی چاہیئں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ بھی ہوا ہے غلط ہے ۔ جہاں تک انفارمیشن کا تعلق ہے میں اکٹھی کرکے ان کو خود ذاتی طور پر پہنچا دوں گا، جس کیس کا انہوں نے ذکر کیا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ جناب والا! بات یہ نہیں ہے کہ موجودہ غلطیوں کا جواب دینے کے لئے پچھلی حکومت کو مورد الزام ٹھہرایا جائے ۔ یہ مسئلہ بڑا اہم ہے کیونکہ ویسے ہی ترقی پذیر ممالک میں اور خاص طور پر پاکستان کے اندر عورتیں دہرے تہرے ظلم و جبر کا شکار ہیں اور اس پیمانے کو دیکھتے ہوئے میں چند سوالات وفاقی وزیر داخلہ صاحب سے کرنا چاہتا ہوں وہ انہیں نوٹ کرلیں اور خاص طور پر پولیس کے محکمے میں اصلاحات لانے کے لئے شاید ان کے کام آ جائیں تاکہ یہ فگر کم از کم ہو جائے ۔ میں کہتا ہوں کہ ہمارے جیسے ملک میں جہاں شریعت اور سنت کی بات ہم کرتے ہیں اور اس میں 3741 women kidnap ہو جاتی ہیں اور ان کے متعلق ہمارے پاس کوئی انفارمیشن نہیں ہوتی ، میں حیران ہوں کس طرح ہمارے پاس یہ انفارمیشن

نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ اس ملک کے اندر 3141 rape ہو جاتے ہیں اور اس بارے میں بھی ہم کچھ بھی نہیں کر پاتے ۔ میں آپ کو انفارمیشن دینا چاہتا ہوں کہ وہ ہزاروں عورتیں جو شرم کے مارے اپنی رپورٹ تھانے درج کروانے نہیں جا سکتیں ان کے بارے میں آپ کے پاس انفارمیشن ہے ؟

دوسری بات یہ ہے کہ حد آرڈیننس جو آج آپ نے جاری کیا ہے وہ تمام laws کو over-ride کر رہا ہے اس میں چار ایسے گواہ چاہیئں کہ جو یہ ثابت کریں کہ rape penetration اتنا enough ہے جس پر زنا اور حد لاگو ہو سکے ، کیا اس معاشرے کے اندر rape کرنے والے چار گواہ اپنے ساتھ لے جائیں گے ؟ یا وہ بدبخت عورت جو اس ملک میں پیدا ہوئی ہے جس کو آپ نے کوئی حقوق نہیں دیئے ہیں ، وہ اگر رپورٹ درج کروانے جائے تو اس پر حد آرڈیننس لگا دیا جاتا ہے وہ اس وجہ سے بھی اپنی رپورٹ درج کروانے نہیں جاتیں لہذا ان قوانین کے بارے میں کیا خیال ہے جو اس وقت لاگو ہیں یا جو بھی رپورٹ درج کروانے جاتا ہے اسے خود involve کر دیا جاتا ہے اس حساب سے کہ وہ اپنے آپ کو اس معاشرے کے اندر defend نہیں کر پا رہا ہے۔ اس معاشرے کے اندر، اس عدالت کے اندر۔

تیسری بات جو میں کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ وزیر صاحب کم از کم اسلام آباد میں تو اپنا control دکھائیں کیونکہ اسلام آباد کی position یہ ہے کہ دن دیہاڑے عورتوں کو kidnap کیا جاتا ہے ۔ پجارو گاڑی میں پچھلے دنوں ایک واقعہ ہوا تھا جس میں مسلح لوگوں نے عورت کو اسلام آباد میں، پنجاب میں تو چوہدریوں کا راج ہے، وہاں تو ہوتا رہتا ہے، لیکن یہ capital میں ہوا ہے۔ اس کے بارے میں مجھے ذرا بتائیں کہ یہ عورت برآمد ہوئی ہے یا نہیں ہوئی، ہم تو ابھی تک تشویش میں ہیں ۔

جناب چیئرمین: جی، تین سوال ہیں وزیر داخلہ صاحب، ایک تو وہ فرما رہے ہیں کہ کچھ عورتیں شرم کی وجہ سے تھانے میں رپورٹ نہیں کرواتی ہیں۔ آپ کے پاس اس قسم کی کوئی information ہے اور اس کے بارے میں آپ کیا کر رہے ہیں۔ نمبر 2، وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ حدود ordinance کے تحت چار گواہ ضروری ہوتے ہیں اس جرم کو ثابت کرنے کے لئے، اس کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے اور تیسری بات یہ کہہ رہے ہیں کہ کہیں کوئی kidnapping ہوئی تھی پجارو میں، اس کے بارے میں کیا خیال ہے آپ کا۔

چوہدری شجاعت حسین: جہاں تک پجارو کا تعلق ہے ، میں اس کا جواب پہلے دے دوں - جاوید عباسی صاحب نے ابھی مجھے بتایا ہے کہ اسی رات کو پجارو recover کر لی گئی تھی اور ان لوگوں کو پکڑ بھی لیا گیا تھا لیکن جہاں تک دوسری باتوں کا تعلق ہے، جناب والا! میں اس سلسلے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ بجائے اس کے کہ قانون کی پیچیدگیوں میں جایا جائے، یہی تمام وجوہات تھیں جس کے اوپر مجبور ہوکر ہمیں یہ آرمی کورٹس لگانی پڑیں۔ یہ انشاء اللہ تعالی کامیابی کے ساتھ چلیں گی اور تب ہی اس طرح کے واقعات نہیں ہوں گے۔

جناب چیئرمین: جی رضا ربانی صاحب۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I am grateful, I will just take one minute , sir, I think,

یہ جو سلسلہ ان کی طرف سے شروع ہے کہ جی دو سال پہلے کیا تھا اور پیپلز پارٹی کے دور میں کیا ہوا، تو میں صرف اتنا ان سے عرض کرنا چاہوں گا کہ دو سال پہلے ہم accountable تھے، ہاؤس کے اندر بھی اور ہاؤس کے باہر بھی - اب ان کی حکومت ہے، ان کو accountable ہونا ہے، یہ بات ہاؤس سے یا عوام سے کہیں تو یہ accountability سے بھاگ نہیں سکتے۔ They have to answer for their deeds, یہ تھی ایک بات۔ جناب دوسری بات - میں وزیر صاحب سے سوال کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو statistics انہوں نے پنجاب کے بارے میں دی ہیں، اگر آپ ان statistics کو دیکھیں گے تو اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ مجموعی طور پر 7740 offences against women ہیں صوبہ پنجاب کے اندر پچھلے 11 مہینوں میں 7749 offences against- women, یہ ایک بات ہے جناب۔ دوسری بات جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہوگا کہ پچھلے سیشن میں وزارت داخلہ نے جواب دیا تھا سینٹ کے فلور پر، جس میں یہ بات کہی گئی تھی کہ 3700 killings صوبہ پنجاب میں صرف پانچ ڈویژنوں میں ہوئی تھیں نومبر تک۔ کچھ odd number مجھے یاد نہیں ہیں، لیکن 3700 killings or murders پانچ ڈویژنوں میں ہوئی ہیں۔ ان کو اگر آپ مجموعی طور پر ملائیں تو یہ کوئی 11, 12 ہزار killings گیارہ مہینوں کے اندر ہوئی ہیں۔ جب گیارہ، بارہ ہزار killings گیارہ مہینے کے اندر ہوئی ہیں تو کیا یہ sufficient ground نہیں ہے کہ صوبہ پنجاب کے اندر بھی گورنر راج نافذ ہو یا یہاں پر صرف کیونکہ چھوٹے بھائی کی حکومت ہے لہذا گورنر راج

یہاں پر نافذ نہیں کیا جا رہا اور اس کے برعکس صوبہ سندھ میں جہاں پر killings کا ratio کہیں کم ہے۔ گیارہ یا بارہ ہزار killings گیارہ مہینوں میں ہوئی ہیں۔ ان کے اپنے figures کے مطابق، یہ ہمارے figures نہیں ہیں۔ پچھلے questions and answers کے اندر وزارت داخلہ نے figures دیئے، آج کے یہ figures, Interior Ministry نے دیئے، ان کے اپنے figures کے مطابق گیارہ یا بارہ ہزار killings گیارہ مہینوں میں ہوئی ہیں جو کہ اوسطاً 1000 people, men and women have been brutally murdered, raped in the province of Punjab, is this not sufficient for imposition of Governor's Rule? Will the Minister kindly answer?

جناب چیئرمین: جی وزیر داخلہ صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! پہلے تو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ--------

جناب چیئرمین: جی جی بھنڈر صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سننے تو دیں کہ ہے کیا۔

(مداخلت)

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Point of order.

Mr. Chairman: Yes, Bhinder Sahib.

Mian Raza Rabbani: Sir, first let the Minister to answer.

Mr. Chairman: Let me understand

کہ کیا ہے۔

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, then you rule the question out of order.

Mr. Chairman: I am not ruling it out of order but let me understand

کہ وہ کیا کہنا چاہ رہے ہیں۔

Mian Raza Rabbani: Qutubuddin Sahib should address me through the Chair, don't talk to me directly.

خواجہ قطب الدین۔ ان کو کہیں کہ ہماری بات سنیں ورنہ ہم بھی ان کی بات نہیں سنیں گے۔

میاں رضا ربانی۔ آپ ہماری بات نہ سنیں ۔ آپ کیا کرلیں گے۔

خواجہ قطب الدین۔ آپ کو بھی نہیں بولنے دیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ مجھے صرف سمجھ لینے دیں کہ وہ کیا point of order ہے' اگر نہیں ہو گا تو

I will rule it out. What is the point of order?

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, the point of order is that all the supplementary questions are very brief and relevant. It is not a statement. In every supplementary there are statements made on the floor of the House that means that most of the questions will be left out, that is not the interest of the House. Supplementary questions should be limited, they should be relevant.

جناب چیئرمین۔ جی جناب اجمل خٹک صاحب۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ جناب والا! میں آپ کی وساطت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر ایک ممبر یہ کہے کہ بات نہیں کرنے دیں گے تو پھر میرا آپ سے سوال ہے کہ اس کے معنی کیا ہیں۔ اس ہاؤس میں ہمیں بات کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔ اس کے لئے قانون ہے جس کا تحفظ آپ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں خٹک صاحب نے بڑی صحیح بات کی ہے کہ کسی کو بھی یہ نہیں کہنا چاہیئے کہ بات نہیں کرنے دیں گے۔ میرے خیال میں سب کا حق ہے اور اگر ہم پارلیمانی norms پر چلیں تو سب بات کر سکیں گے اور سب سنیں گے۔ ہاؤس کا مقصد بھی یہ

ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کی بات سنیں اور برداشت ہو، تحمل ہو ۔ سخت بات ادھر سے بھی ہوتی ہے، ادھر سے بھی ہوتی ہے لیکن آرام سے سن کر پھر وہ مجھ پر چھوڑ دیا جائے ۔ اگر میں غلط بھی کروں تو آپ کہیں کہ ٹھیک ہے انہوں نے کر دیا ہے تو تب کام چلے گا۔ جی چوہدری صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ ایک اچھے وکیل ہیں، جھوٹ کو سچ کرنے کی کوشش کرتے رہے ہوں گے۔ میں یہ کہوں گا کہ انہوں نے ہاؤس کو mislead کرنے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے کسی سوال کا حوالہ دیا ہے، پتا نہیں وہ سوال تھا یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوال میں آپ نے تین مہینے کی یہ figures دی تھیں، پھر تین مہینوں کے figures کو multiply کر کے سال کی figures نکال لی ہیں۔ یہ مجھے کلیہ تو بتا دیں کہ یہ کلیہ انہوں نے کیسے نکال لیا ہے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب والا! وہ تین مہینوں کی figures نہیں تھیں، وہ بھی نومبر تک کی figures تھیں جس میں تین ہزار کی figure دی گئی تھی اور وہ سوال سینٹ کے ریکارڈ پر موجود ہے۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! اس point کو بے شک آپ pending کر دیں۔ کیوں کہ انہوں نے جو پہلے کہا ہے وہ ریکارڈ کی بات ہے، انہوں نے تین مہینوں کی figures دی ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ تین مہینے میں تین ہزار ہوئے تھے اور چھ مہینے میں اتنے اور نو مہینوں میں اتنے اور بارہ مہینوں میں اتنے۔ اس لئے جناب چیئرمین! میں اس کے جواب میں یہ نہیں کہنا چاہوں گا کہ میں اسے defend کر رہا ہوں ۔ اس طرح کے کام نہیں ہونے چاہئیں۔

میاں رضا ربانی، جناب وہ تین مہینے کی figures نہیں تھیں ۔ وہ بھی نومبر تک کی figures تھیں ۔ جس میں تین ہزار بتایا گیا تھا۔ سینٹ کے record پہ وہ بات موجود ہے۔

جناب چیئرمین: اچھا، چلیں۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! اس point کو بے شک pending کر دیں کیوں کہ جس طرح انہوں نے کہا ہے ۔ پہلے جو آیا ہے وہ record کی بات ہے۔ تین مہینے کی

انہیں figures دی گئیں ہیں۔ وہ کہہ رہے ہیں تین مہینے میں تین ہزار کیس ہوئے ہیں۔ چھ مہینے میں اتنے اور نو مہینے میں اتنے اور بارہ مہینے میں اتنے، اس لئے میرا خیال ہے------بہرحال میں یہ کہنا نہیں چاہوں گا کہ میں اسے defend کر رہا ہوں۔ میں تو کہتا ہوں کہ اس طرح نہیں ہونا چاہئیے
-

میاں رضا ربانی: میں نے تین مہینے اور ان کو multiply بالکل نہیں کیا۔ آپ record منگوا کر دیکھ لیں۔ میں نے بالکل clearبات کی تھی کہ یہ جو figures انہوں نے دیئے ہیں۔ 7740 یہ گیارہ مہینے کے figures ہیں کہ صوبہ پنجاب کے اندر خواتین کے خلاف جو crimes ہوئے ہیں وہ 7740 ہیں پچھلے session میں 3700 پانچ ڈویژنز کے اندر murders ہوئے ہیں۔ میں صرف murders کی بات کر رہا ہوں۔ 3700 murders ہوئے ہیں till November کے وہ figures ہیں۔ کیونکہ session وہاں پہ ختم ہوا ہے۔ so that figures were at the end of October, beginning of November میں نے اس وقت بھی یہ بات کہی تھی اب بھی میں نے یہ بات کہی ہے۔ ان سب کو ملا کے total 12,000 کے قریب جا کر بنتا ہے۔ اوسطاً one thousand killings every month تو میں نے ان سے سوال پوچھا تھا وہ یہ تھا کہ جب یہ صورتحال صوبہ پنجاب میں ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: لیکن آپ نے double counting کر لی ہو گی ناں۔ اس 3700 میں یہ 1100 شامل ہونگے ناں۔ because یہ بھی انہیں مہینوں کی تفصیل آ رہی ہے۔

Mian Raza Rabbani: All right, for the sake of argument let us reduce the figures.

Mr. Chairman: The point you are trying to make is

کہ crimes بہت زیادہ ہو رہے ہیں۔

میاں رضا ربانی: جناب میرا سوال یہ ہے کہ on the same basis جو انہوں نے سندھ میں draw کی ہے۔ اسی basis کے اوپر

will the Minister recommend that Governor's Rule should be imposed in Punjab as

well or not? If not, why? Why double yardstick? That is my question to the Minister.

جناب چیئرمین: جی جناب Minister for Interior۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! پہلے ہم سندھ میں تخریب کاروں سے نپٹ لیں پھر اس کے بعد دیکھیں گے۔

جناب چیئرمین: جی فضہ جونیجو صاحبہ۔

محترمہ فضہ جونیجو: جناب چیئرمین! یہ بہت ہی serious question ہے۔ اس کو اسی طرح سے answer بھی کرنا چاہیئے منسٹر صاحب کو۔ انہوں نے نمبر جو یہاں پہ دیا ہے۔ یہ انہوں نے صرف وہ نمبر بتا دیئے ہیں کہ یہ killings اتنی ہوئیں تھیں اور باقی واقعات اتنے ہوئے تھے اور وہ بتدریج کم ہوئے ہیں۔ لیکن کسی مہینے میں وہ پہلے سے زیادہ ہیں۔ یہ تو انسانی زندگیوں کی بات ہے۔ اس لئے یہ جواب تسلی بخش جواب اس طرح نہیں ہوگا۔بے شک انہوں نے یہ لکھ کے دیا ہے۔ لیکن زبانی طور پہ ہم ان سے زیادہ وضاحت چاہیں گے اس کی۔ اس میں ابھی ایک بات ہوئی حدود Laws کی۔ ایک High Powered Commission بنا تھا جس میں حدود لاز کے متعلق رپورٹ تیار کی۔ جس کی میں بھی ممبر تھی۔ ہم نے recommendations دیں تھیں۔ کہ یہ عورتوں کے خلاف ہے۔ اس کا ہمیں آج تک کچھ نہیں بتایا گیا۔ کہیں سے اس کے متعلق آواز نہیں آئی کہ آیا اسے ختم کیا جا رہا ہے یا اس میں کوئی changes کی جا رہی ہیں۔ اس سلسلے میں آپ کو کچھ علم ہو تو بتائیں۔ اس کے علاوہ یہ بتائیں۔ کہ کیا remedial measures آپ لے رہے ہیں۔ جب کہ حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں۔ یہ ایک اسلامی معاشرہ ہے۔ اور خواتین کو اسلام سب مذاہب سے زیادہ تحفظ فراہم کرتا ہے۔ اگر ہمارے معاشرے میں یہ چیزیں ہیں تو آپ بتائیں کہ اس کےلئے کیا measures لے رہے ہیں۔ آپ صحیح کہہ رہے ہوں گے کہ پیچھے کچھ اور ہو رہا ہو گا۔ اس سے زیادہ killings ہو رہی ہونگی۔ لیکن اس کے ذمہ داری پھر ان پر نہیں آتی ہے۔ ان سے جواب موجودہ چیز کا ہم مانگتے ہیں۔

Mr. Chairman: Minister for Interior.

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! ہماری محترم بہن نے بڑا اچھا سوال کیا ہے تو

اس سلسلے میں میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اسی لئے یہ شریعت بل ہم لا رہے ہیں۔ اسلامی قوانین لا رہے تھے۔ اگر یہ چیزیں آگے بڑھنے دیں تو اس طرح کے حالات تبھی درست ہوں گے۔

جناب چیئرمین: جی اکرم شاہ صاحب۔سب کو باری ملے گی۔ don't worry about it.

جناب اکرم شاہ خان: شکریہ جناب چیئرمین! جناب وزیر موصوف نے سینیٹر حبیب جالب صاحب کے سوال کے جواب میں جس میں انہوں نے حدود لاز کی بات کی اور یہ بھی کہا کہ لوگ گواہیوں کی وجہ سے رپورٹ درج نہیں کراتے۔ تو اس کے جواب میں وزیر موصوف نے فرمایا کہ اسی مجبوری کے تحت ہم نے فوجی عدالتیں قائم کی ہیں۔ میں ان سے گزارش کروں گا کہ کیا فوجی عدالتوں میں قوانین کچھ اور ہیں اور ہماری سول عدالتوں میں اور ہیں؟

Mr. Chairman: Minister for Interior.

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! ان کا طریقہ کار بڑا لمبا تھا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ درست کام نہیں کر رہی تھیں۔ لیکن ان کا طریقہ کار لمبا تھا اس لئے آئین اور قانون کے تحت یہ فوجی عدالتیں لگائی گئی ہیں۔ تا کہ یہ period کم کیا جا سکے۔

جناب چیئرمین: تا کہ جلدی فیصلے ہو جائیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ: جناب چیئرمین! ہم کافی تفصیل میں چلے گئے۔ میں ایک بات کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہ figures صرف پنجاب کی دی گئی ہیں اور جواب یہ دیا گیا ہے کہ information in respect of other provinces is awaited. The same will be placed before the House as soon as it is received. میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ information province of Sindh کے حوالے سے بھی تھیں تو وزیر موصوف نے جان بوجھ کر province of Sindh کی figures کو چھپایا ہے تا کہ دونوں کا تقابلی جائزہ نہ ہو سکے۔ کیا یہ بات صحیح ہے یا غلط ہے؟

جناب چیئرمین: جی وزیر داخلہ۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! اگر وہ اعتبار کریں تو میں حلفاً کہنے کو تیار ہوں کہ انہوں نے ابھی تک figures نہیں بھیجیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ جی جناب عاقل شاہ صاحب۔

سید عاقل شاہ: جناب میں یہ بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ سوال کیا جاتا ہے وزیر صاحب سے تو جواب دیتے ہیں قطب الدین صاحب۔ پھر سوال کیا جاتا ہے دوسرے منسٹر صاحب سے تو جواب دیتے ہیں قطب الدین صاحب۔قطب الدین صاحب چیز کیا ہیں؟ اور پھر جب یہ کہتے ہیں کہ جی ہم یہاں پر کسی کو بات نہیں کرنے دیں گے۔ تو ان کا کیا خیال ہے کہ ہم یہاں پر کوئی چوڑیاں پہن کر آئے ہیں کہ آپ ہم کو بات نہیں کرنے دیں گے۔(XXXXXX) اور یہ پہلی دفعہ نہیں ہے۔ وہ پھر کھڑا ہو گیا۔ جناب، فلور میرے پاس ہے۔ جناب اصل میں یہ بے تاب ہیں Minister بننے کے لئے۔

جناب چیئرمین: عاقل شاہ صاحب ' again میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ کے colleague ہیں۔ ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیے۔

سید عاقل شاہ: جناب یہ احترام نہیں کرتے تو ہم کس لیے کریں ۔ احترام صرف ہمارے لیے ہے۔ ہمارے لیڈر اٹھ کے کھڑے ہوتے ہیں تو یہ بیچ میں بولنا شروع ہو جاتے ہیں۔ He has no right کہ یہ کہیں کہ ہم کسی کو بات نہیں کرنے دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ نے ایک بے قاعدگی کی نشان دہی کی ہے اور خود بھی آپ ایسے سوال کر رہے ہیں جن سے سوال کا تعلق نہیں ہے۔ چلیں آپ سوال پوچھیں ۔

سید عاقل شاہ: سوال میرا یہ ہے کہ یہ چیز کیا ہیں ۔

خواجہ قطب الدین: جناب چیئرمین صاحب ! (XXXX) کا لفظ expunge کیا جائے۔

Mr. Chairman: That is expunged.

جی زاہد خان صاحب ۔ اب دیکھیں ٹائم نکل رہا ہے اور بات آگے نہیں چل رہی ہے۔

جناب محمد زاہد خان: شکریہ جناب۔ جناب میرا short question ہے۔ معزز وزیر صاحب سے میرا یہ سوال ہے۔ یہ سوال اسلام آباد اور پنجاب کے بارے میں تھا ۔ Minister صاحب نے بہت اچھی بات کی۔ انہوں نے اپنی ناکامی کا اور موجودہ حکومت کی ناکامی کا اعتراف کر لیا۔

(XXXX Expunged by order of the Chairman)

انہوں نے کہا کہ اس لیے ہم نے ملٹری کورٹس بنائی ہیں کہ جو قانونی پیچیدگیاں تھیں ان میں ہم ناکام ہو چکے تھے۔ میرا سوال ہے کہ پنجاب میں آپ ناکام ہو گئے کیونکہ آپ نے خود اعتراف کیا۔ تو کب آپ پنجاب میں گورنر رول نافذ کر رہے ہیں اور کیا اس میں ملٹری کورٹس بھی بنائیں گے۔ یہ کب تک بنائیں گے؟

جناب چیئرمین: جی .Minister for Interior

چوہدری شجاعت حسین: جناب میں اس کا جواب پہلے بھی دے چکا ہوں کہ پہلے ہمیں وہاں پر کام کر لینے دیں اس کے بعد باقی معاملات بھی دیکھ لئے جائیں گے۔ سارے صوبوں میں، سارے ملک کے اندر اس طرح کے جرائم ہو رہے ہیں ان کو ختم کرنے کے لیے ایک جامع قسم کی پالیسی صوبوں کو دے دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: جی نسرین جلیل صاحبہ۔

مسز نسرین جلیل: چیئرمین صاحب! شریعت بل تو شاید سینٹ سے پاس نہیں ہوگا تو اس وقت تک پنجاب میں خواتین کے تحفظ کے لیے حکومت نے کیا اقدامات کیے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ کیا سمری کورٹ پنجاب میں بھی کام کریں گی؟ اور تیسری بات یہ ہے کہ سندھ میں جو experiment کر رہے ہیں اور scapegoat ہمیں بنایا جا رہا ہے۔ جسطرح سے پولیس والے گھروں کے دروازے توڑ کے اندر داخل ہوتے ہیں اور کوئی lady searcher ساتھ نہیں ہوتی، خواتین کی بے حرمتی ہوتی ہے اور چوہدری صاحب، وزیر داخلہ کے علم میں مستقل ایسے واقعات لاتے رہے ہیں جن میں خواتین کی بے حرمتی کی گئی ہے۔ خواتین ایف آئی آر درج کروانے کے لیے پولیس سٹیشن گئیں اور وہاں پر ان کی عزت لوٹنے کی کوشش کی گئی ہے۔ خواتین کو ساتھ لے جانے کا سلسلہ بھی انہوں نے شروع کردیا ہے کہ اگر فلاں شخص کا تم پتہ نہیں جاؤ گی تو ہم تمہیں لے جائیں گے۔ میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ منسٹر صاحب نے ان پولیس والوں کے خلاف بھی کوئی اقدامات کیے ہیں جنہوں نے قانون کو اپنے ہاتھوں میں لے رکھا ہے، جنہوں نے بربریت اورظلم کا بازار گرم کیا ہوا ہے سندھ میں؟

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا! جب بھی اس طرح کا کوئی واقعہ پیش آتا ہے تو صوبائی گورنمنٹس کو کہا گیا ہے کہ وہ اس پر باقاعدہ ایکشن لیں اور انہوں نے لیا بھی ہے۔

ایک ڈی ایس پی کو معطل بھی کیا ہے لیکن اگر ویسے الزام لگانا شروع کر دیں تو وہ ایک علیحدہ چیز ہے۔ جب ہمارے نوٹس میں کوئی چیز آتی ہے تو اس کا پورا نوٹس لیا جاتا ہے۔جہانتک عورتوں کے تحفظ کا تعلق ہے تو سختی کے ساتھ یہ کہا گیا ہے کہ عورتوں کی کسی بھی موقع پر کوئی بےحرمتی نہیں کرنی چاہیئے۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ ' Next question No. 4 عبدالحئی بلوچ صاحب۔

*4. **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Interior and Narcotics Control be pleased to state;

(a) the number, registration numbers, model and make of the vehicles with the HQ Anti-Narcotics Force, Rawalpindi;

(b) the expenditure incurred on maintenance and fuel of these vehicles during the last two years with month-wise breakup; and

(c) the steps taken by the government to prevent misuse of these vehicles?

(Reply not received.)

جناب چیئرمین۔ سپلیمنٹری' جواب ہے ۔ میرے پاس آ گیا ہے ۔ اس کا جواب کون دے رہا ہے شجاعت حسین صاحب ' یہ جواب آپ کے پاس آ گیا ہے یا نہیں۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ آگیا ہے ۔

جناب چیئرمین۔جی فرمائیے ۔ پراچہ صاحب ۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ۔ ہمارے ڈاکٹر صاحب نے یہ دریافت کیا کہ یہ نوٹس لیں گے تو انہوں نے C میں جو جواب دیا ہے۔ is the Minister satisfy with this reply

جناب چیئرمین ۔ C میں ہے ۔ the step taken to prevent misuse of these vehicles جو اقدامات کئے جا رہے ہیں تا کہ misuse نہ ہو۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جی ہاں ' میں satisfied ہوں ۔ جو کچھ اقدامات لئے گئے ہیں

وہ درست ہیں۔اس سے misuse ہونے کا خطرہ کم ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ جی شیخ صاحب فرمائیے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ یہ information in respect of other Provinces related یہ کب ہاؤس کے سامنے رکھی جائے گی۔

جناب چیئرمین۔ یہ اگلے Rota day تک لے آئیں۔ او۔ کے، جی حبیب جالب صاحب فرمائیے۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین یہ Head Quarter Narcotics Force کو جو گاڑیاں دی گئیں ہیں ۔ اس میں پجارو five door کی ، لینڈکروزر five door کی اور جیپیں three door کی اور اس میں کاریں بھی ہیں، پک اپ بھی ہیں، کوسٹرز ہیں۔ ان کے اگر monthly expenditures دیکھیں total amount allotted 29 lakh to Petrol ۹۸-۱۹۹۷ء میں جو release بھی ہوئے ہیں۔اتنے ہی ہوئے ہیں جتنے رکھے گئے تھے۔ یعنی اس کا مطلب ہے کہ ایک روپیہ بھی اوپر نیچے نہیں ہوا ہے۔جتنا الاٹ کیا گیا تھا خرچہ بھی اتنا ہی آیا ہے۔پتہ نہیں یہ کس قسم کا تراوز تھا کہ بیلنس آ گیا ہے لیکن میرا جو سوال ہے وہ یہ ہے کہ انٹی نارکوٹکس فورس پر جو اتنے اخراجات کئے جا رہے ہیں اور اگر وہ فگرز دیکھے جائیں جن میں بلوچستان میں، سندھ میں، پنجاب میں اور سرحد میں جتنے کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں اور اس کے علاوہ انٹرنیشنل برادری بھی چیخ رہی ہے ۔ کل جو ہمارے دوست تھے آج وہ ناراض ہیں۔وہ بھی چیخ رہے ہیں کہ سب سے زیادہ ڈرگ ٹریفکنگ پاکستان سے ہو رہی ہے اور ایسا لگتا ہے کہ عنقریب پاکستان کو منشیات پیدا کرنے کا سب سے بڑا اڈہ قرار دے دیا جائے گا اور افغانستان سے جس پیمانے پر یہ منشیات آ رہی ہیں تو میں ان سے سوال کرنا چاہتا ہوں کہ اتنے بڑے اخراجات کے باوجود منشیات کی سمگلنگ میں بھی اتنی تیزی سے اضافہ کیوں ہو رہا ہے ؟ جیسے کسی نے کہا کہ ملیریا کیوں ختم نہیں ہو رہا تو ملیریا ڈیپارٹمنٹ کے Head نے کہا کہ اگر ملک سے ملیریا ختم ہو گیا تو ڈیپارٹمنٹ ہی ختم ہو جائے گا۔ کیا اس کا جواب آپ دے سکیں گے؟

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب والا یہ تاثر دینا بالکل غلط بات ہوگی کہ فگرز زیادہ ہو رہی ہیں۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ پہلی دفعہ اس سال جس تیزی کے ساتھ یہ فگرز نیچے آ رہی ہیں وہ

حیران کن ہیں اور یونائیٹڈ نیشن والوں نے بھی تعریف کی ہے ۔ پچھلے دنوں انہوں نے مجھے خط لکھا کہ ہم پاکستان کو ایک شوکیس کے طور پر دوسرے ممالک کے لئے پیش کر سکتے ہیں۔اس کی detail چاہیں گے تو میں وہ پیش کر دوں گا ۔جہاں تک vehicles کا تعلق ہے ۔تو یہ aids کے تحت آتی ہیں جو سعودی عرب نے بھی دی ہیں۔ یونائیٹڈ نیشن نے بھی دی ہیں۔یو ایس ایمبسی نے بھی دی ہیں۔ فرنچ ایمبسی نے بھی دی ہیں ۔ دوسری ایمبیسز بھی اس طرح کے ہمارے معاملات میں aided projects کے طور پر کام کرتی رہتی ہیں۔تو اس میں کوئی نئی بات تو نہیں ہے ۔ سوال جو انہوں نے کیا ہے کہ منشیات کا دھندہ بڑھا ہے ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ دھندہ کم ہوا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ سید قائم علی شاہ ۔

سید قائم علی شاہ ۔ جناب اتنی بڑی گاڑیاں ہیں مفت کا مال ہے جس طرح سے یہ لٹائیں۔ لیکن اس پر جو حکومت پاکستان کا maintenance کا خرچہ ہے وہ تقریباً پچاس لاکھ ہے ۔ میں یہ منسٹر صاحب سے پوچھوں گا کہ اتنی گاڑیاں ہیں تو کیا اس کا result بھی ایسا ہی آ رہا ہے اس میں کچھ کمی ہوئی ہے یا زیادتی ہوئی ہے خاص کر ۹۸ء میں ؟

جناب چیئرمین۔ جی چوہدری شجاعت حسین صاحب ۔

چوہدری شجاعت حسین ۔ جناب والا! یہ بھی کہنا درست نہیں ہے کہ اس میں سارے کا سارا خرچہ حکومت پاکستان کا ہوتا ہے ایسا نہیں ہے بلکہ یہ aided project ہے ان کا زیادہ خرچہ ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب شیخ رفیق صاحب۔

شیخ رفیق احمد۔ جناب میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جس نے یہ بجٹ تیار کیا تھا total amount alloted and total amount of expenditure اتنا exact ہے کہ شاید یہ کمپیوٹر بھی نہیں کرسکتا تھا ۔ کیا اس شخص یا گروپ کے بارے میں مجھے معلوم نہیں ہے، کیا اس کی سروسز آپ پاکستان کا بجٹ بنانے کے دوران avail کرسکتے ہیں تاکہ اسی طرح کا بجٹ آرگنائیز کردے جس طرح اس کا کیا ہے ؟

چوہدری شجاعت حسین۔ یہ جناب میں نے ابھی ہی یہ اعداد دیکھی ہیں - یہ جواب چونکہ ابھی موصول ہوا تھا تو ظاہر ہے میں اس کو verify کرلیتا ہوں یہ اعداد و شمار اس طرح کی کیوں دی گئی ہیں -

جناب چیئرمین۔ یعنی اتنی باریکی سے حکومت دیکھتی ہے کہ پورا ان کو پتہ ہے کہ Mobil oilٹیوب ٹائر اتنے اتنے پیسوں کے آئے ہیں -

چوہدری شجاعت حسین۔ اگر کسی بات پر یہ شک ہو کہ یہ درست نہیں ہے - اگر اس کو مان لیا جائے تو پھر بھی کھپ، اگر نہ مانا جائے تو پھر بھی کھپ۔ اس لئے میں نے یہ گزارش کی ہے کہ مجھے موقع دیں، میں اس کو چیک کرتا ہوں -

جناب چیئرمین۔ جی تاج حیدر صاحب -

جناب تاج حیدر - میں annex-A کی طرف وزیر صاحب کی توجہ دلاؤں گا اور اس میں آخری کالم ریمارکس کا ہے - ریمارکس کے کالم ۷، ۲۰، ۲۱ نمبر پر ریمارک لکھا ہوا ہے in lieu of that اس کا کیا مطلب ہے ؟

جناب چیئرمین۔ اگلی حادثہ کا شکار ہوگئی اور ایک نئی آ گئی -

Mr. Taj Haider: In lieu of what?

Mr. Chairman: In lieu of the earlier car.

Mr. Taj Haider: There is nothing earlier.

جناب چیئرمین۔ نہیں، نہیں ہوگا - یہ ۱۹۹۲ء میں ہے - اوپر آپ دیکھیں ۹۸-۱۹۹۷ء کی گاڑیاں آ رہی ہیں - somebody must have damaged the present car and got a new car in 1992. It is quite obvious. جی جناب الیاس بلور صاحب -

جناب الیاس احمد بلور۔ جناب میں ایک چھوٹا سا سوال کرنا چاہتا ہوں کہ کیا وزیر صاحب یہ بتا سکتے ہیں کہ جو رقم خرچ کی گئی ہے اس میں کتنی ایڈ اور کتنا حکومت پاکستان کا حصہ ہے ؟ کیا اس کی تفصیل دی جائیگی ؟

چوہدری شجاعت حسین۔ جناب میں اس کی تفصیلات ہاؤس میں پیش کردوں گا۔

(مداخلت)

جناب الیاس احمد بلور۔ جناب میرے سوال کا جواب کیا آیا ہے جی؟

جناب چیئرمین۔ انہوں نے کہا ہے کہ میرے پاس فوری طور پر جواب نہیں ہے اس کی تفصیل میں آپ کو پیش کردوں گا۔ جی جہانگیر بدر صاحب۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب چیئرمین، کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ اتنا بڑا مخلیٹ جو اینٹی نارکوٹکس والوں کو دیا گیا ہے۔ کیا پاکستان میں کوئی authenticated narcotics dealers list ترتیب دی گئی ہے وہ بتائی جائے؟

چوہدری شجاعت حسین۔ کیا کہا ہے؟

جناب چیئرمین۔ کہتے ہیں کہ کوئی باقاعدہ لسٹ نارکوٹکس ڈیلرز کی بنائی گئی ہے؟ ان کا مطلب ہے مجرموں کی لسٹ۔ جو نارکوٹکس کا روبار کرتے ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین۔ جن پر الزامات ہیں ان کی لسٹ دی جاسکتی ہے۔ وہ اگر یہ کہیں گے تو میں پیش کردوں گا۔

جناب جہانگیر بدر ۔ کچھ نام بتادیں۔ کوئی اس میں آفیسر، سیاستدان یا کوئی اور اس میں شامل ہوں۔

جناب چیئرمین۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ ابھی میرے پاس لسٹ نہیں ہے۔

جناب جہانگیر بدر ۔ جناب یہ وزیر داخلہ ہیں ان کو پتہ ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین۔ آج کل ان کی توجہ دوسری جانب ہے۔

جناب جہانگیر بدر۔ کس جانب ہے جناب ان کی توجہ۔

جناب چیئرمین۔ کراچی کی جانب ہے۔

جناب جہانگیر بدر۔ کراچی ہی کے بتا دیں۔

Mr. Chairman: Next question!

*5. **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Defence be pleased to state;

(a) whether it is a fact that the Government has decided to withdraw more than one Arms licence (Free) issued to the personnel of Armed Forces, if so, its reasons; and

(b) whether it is also a fact that the Government had banned the renewal of more than one Arms licence(Free) issued to the said personnel, if so, its reasons?

Minister Incharge for Defence: (a) No. the government has not taken any decision to withdraw more than one Arms licence issued to the personnel of Armed Forces.

(b) No ban has been imposed on the renewal of more than one Arms licence (Free) issued to Armed Forces personnel.

Mr. Chairman: Supplementary question.

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ اس میں جناب چیئرمین ! سوال تو ڈاکٹر صاحب نے تو بڑا دلچسپ کیا ہے اور جواب بھی بڑا دلچسپ ہے ۔ No,the Government has not taken any decision to withdraw more than one arms license issued to the personnel of the armed forces یہ آرمڈ فورسز کے پرسنل کو تو اسلحہ لائسنس کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ وہ اسلحہ سے لیس ہوتے ہیں ۔ لیکن میرا ایک ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ جو آئے دن ان کے مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن یا اہلحدیث والوں کی طرف سے جو دھمکیاں سینیٹر حضرات کو دی جارہی ہیں کہ اگر ایسا نہیں کیا تو یہ ہوگا ۔ تو اس سلسلے میں میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ، ویسے سینیٹرز کو اسلحہ کی ضرورت نہیں ہوتی ، وہ عوام رکھتے ہیں اور وہ زیادہ سیکیورٹی provide کرتے ہیں۔ کیونکہ بڑی بڑی طاقتیں تھیں اور ان کے پاس ایٹمی اسلحہ بھی تھا لیکن وہ ملک کو قائم نہیں رکھ سکے ۔ اس طرح اگر ایک کلاشنکوف رکھے گا تو وہ بھی نہیں ۔ تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے

ہے جو موجودہ حکومت کی طرف سے گذشتہ چھ ماہ سے جنگ گروپ اور دیگر اخبارات کے خلاف اختیار کی جا رہی ہے۔ اس پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے پہلے ہی مالکان اخبارات کی تنظیم APNS یعنی All Pakitan News Papers Society نے صحافیوں کو خوفزدہ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایف آئی اے کے اہلکاروں نے اصرار کیا کہ جنگ اور The News کی طباعت میں ہونے والے نیوز پرنٹ کے گودام چیک کرائے جائیں، ان کی مقدار بتائی جائے، جنگ کی انتظامیہ نے ان افسران کو بتایا کہ نیوز پرنٹ کے گودام بنک کی تحویل میں ہیں، جیسے کہ شیخ آفتاب صاحب کہہ چکے ہیں اور درست کہہ چکے ہیں، میں بنک کی سینئر انتظامیہ کا رکن رہا ہوں اور آج بھی سب جانتے ہیں کہ بنک اپنے گوڈاؤن میں کاغذات کے رول منگا کر رکھتا ہے اور روزانہ یا دوسرے دن issue کرتا ہے، جس اخبار کی ڈیمانڈ ہوتی ہے وہ پیسے جمع کراتے ہیں اور لے آتے ہیں۔ Total چیز ان کی limit میں سے کراتے ہیں۔ تو میرا خیال ہے کہ ان کی limit بھی cancel کر دی گئی ہیں۔ تو بہرحال وہ آگے کہتے ہیں کہ انتظامیہ نے ان افسران کو بتایا کہ بنک کی تحویل میں ہیں، ادارہ بنک کو ادائیگی کر کے نیوز پرنٹ حاصل کرتا ہے اور نیوز پرنٹ سٹاک کا ریکارڈ بنک کے پاس موجود ہے۔ لہذا وہ کل بنک کے اوقات میں آ جائیں تو انہیں ریکارڈ اور گودام چیک کرا دیا جائے گا۔ اس واضح موقف کے باوجود ایف آئی اے کے افسران دفتر میں بیٹھے رہے۔ جس سے عملے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ان اہلکاروں نے غیر متعلقہ ریکارڈ زبردستی حاصل کرنے کی کوشش کی، تو کارکن سراپا احتجاج بن گئے۔ انتظامیہ نے ایف آئی اے کی ٹیم سے کہا کہ وہ اس ضمن میں متعلقہ بنک سے رجوع کریں لیکن انہوں نے اپنا اصرار جاری رکھا۔ تو یہ ایک پوری کہانی ہے ۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا ۔ جس کی مرضی ہو وہ دیکھ لے۔

جناب اس میں سے دو باتیں نکلی ہیں۔ ایک بات یہ ہے جناب چیئرمین! کل کا واقعہ بذات خود کوئی الگ واقعہ نہیں ہے اور اس کا کسی ایک واقعہ سے تعلق نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ خود ان کے بیان کی روشنی میں صرف ایک خبر اس کا باعث مجھے نہیں لگتی ,جناب ممکن ہے آفتاب صاحب کا خیال درست ہو ، شفقت صاحب کا خیال درست ہو ، لیکن چونکہ خود جنگ کا ترجمان کہہ رہا ہے کہ ہم چھ مہینے سے مسلسل victimize کیے جا رہے ہیں۔ تو آج غیر رسمی طور پر میں نے جو اطلاعات پوچھیں تو مجھے زیادہ دوست تو نہیں مل سکے۔ مگر مجھے یہ معلوم ہوا کہ چھ مہینے سے ان کے عمومی رویے کے خلاف حکومت نے ان سے یہ ڈیمانڈ کر رکھی ہے کہ آپ اپنے ۱۶ آدمی نکال

دیجئے۔ جن میں لاہور کے ایک دو ایڈیٹرز، سب ایڈیٹرز شامل ہیں۔ یہاں کی ملیحہ لودھی شامل ہیں۔ خدا معلوم کیا حقیقت ہے۔ لیکن بہرحال بہت سے نام لیے جاتے ہیں۔ جو ان کے main workers ہیں۔ ان کو نکلوانے کی ڈیمانڈ مبینہ طور پر حکومت نے کی ہے۔ میرا خیال ہے کہ کل مشاہد صاحب اس کی وضاحت کریں گے۔ دوسرا یہ کہ جیسے ہم سب دیکھ رہے ہیں۔ میں تو ان کا ۳۶ برس سے لکھنے والا ہوں۔ گو ان کا ایسا پابند نہیں ہوں۔ تو یہ ہاؤس یہ خیال نہ فرمائے کہ میں ہر قیمت پر ان کی طرفداری کر رہا ہوں۔ میں کبھی کبھی ان کی پالیسیز کے خلاف بھی لکھتا رہا ہوں اور وہ بیچارے مجھے نہیں روکتے۔ لیکن جناب اس میں آزادی صحافت کا مسئلہ یوں پیدا ہوتا ہے کہ انگلستان میں جب سے اس کو فورتھ سٹیٹ کا نام دیا گیا ہے۔ رائٹرز کو، صحافیوں کو، خود آپ نے slightly ان معاملات سے پریویلج کلاس کہا ہے۔ مجھے اپنے بھائی رشید صاحب سے اتفاق ہے کہ صحافی ہونے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ وہ لائسنس نہ رکھے یا کسی کو مار دے۔ تو اس کو پکڑا نہ جائے یا وہ کوئی خلاف قانون بات کرے۔ انکم ٹیکس نہ دے تو اس سے مانگا نہ جائے ایسی بات نہیں ہے۔ اس کو کوئی عام شہری کے مقابلے میں کوئی پریویلج حاصل نہیں ہے لیکن آپ نے خود دیکھا کہ تمام مہذب حکومتوں میں قوموں میں اور پاکستان میں پچھلے مہینے ۱۶ نومبر کو خود وزیر اعظم نے ادیبوں کو انعامات تقسیم کرتے ہوئے ان کو ایک خصوصی جماعت قرار دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ میں آپ کا ایک طالب علم ہوں۔ جو لوگ وہاں تشریف رکھتے تھے وہ یاد کر سکتے ہیں۔ آپ ہمیں سکھاتے ہیں اور ہم پڑھتے ہیں اور آپ ایک خصوصی کلاس ہیں۔ یعنی ہر دور میں پاکستان کے بعد اور ہندوستان میں بھی ادیب اور صحافی کو ایک خصوصی حیثیت ضرور دی جاتی ہے۔ اس کو کچھ تھوڑے سے پریویلجز دیئے جاتے ہیں۔ تو یہ اصل میں صحافیوں کا فورم ہے۔ میر خلیل الرحمٰن کی قائم کردہ ایک انڈسٹری بھی ہے۔ انڈسٹری نوائے وقت بھی ہے۔ دراصل ان اخبارات نے اپنے آپ کو industry declare کرا رکھا ہے۔ جس کے میں بہت خلاف ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ انڈسٹری نہیں تھے۔ یہ صحافی تھے ان کو جیسے مولانا ظفر اللہ خان تھے۔ ایسا ہی ہونا چاہیئے تھا جیسے زمیندار تھا سب کو ایسا ہونا چاہیئے تھا۔ لیکن حالات نے، بزنس نے، کاروبار نے ان کو مجبور کر کے اپنے آپ کو انڈسٹری ڈیکلیر کرایا اور حکومتوں نے کیا۔ تو انڈسٹری کے مالکان کوئی behave کرتے ہوں گے۔ سوال یہ ہے کہ اس میں جو ہزاروں کارکن ہوتے ہیں، جو اپنی بات کہنا چاہتے ہیں اور جو خبر لا کر خبر رسانی کرتے ہیں۔ خبررساں کے فرض کے بارے میں جناب یہ کہا گیا ہے

کہ سچی خبر جلد سے جلد پہنچاؤ۔ عواقب کی پرواہ کیے بغیر، وہ جج کی طرح ہوتا ہے ۔ اس سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے، کہ اس کا کیا ردعمل کس طبقے پر ہوگا کیا نہیں ہوگا۔ یہاں اس کو سوچنا چاہیئے۔ مگر انگلستانی صحافی نہیں سوچے گا اور ایک اچھا امریکی صحافی نہیں سوچے گا۔ وہ اصول کی پابندی کرے گا کہ میرا کام کیا ہے ۔ خبر کیا ہے ۔ آفتاب صاحب ، شفقت صاحب یا عالی صاحب کیا سوچتے ہیں۔ خبر یہ ہے تو میں اس کو لونگا اور جلد سے جلد پہنچاؤں گا۔ ترسیل کروں گا۔ تو یہ کام کرنے والوں کو یہ خاص انڈسٹری پال رہی ہے۔ یہ انڈسٹری' ایک لحاظ سے آپ اس کو انڈسٹری کہیں ، گروپ کہیں ، گروہ کہیں یہ ایک certain privilege کے لوگ ہیں۔یعنی آپ اتنے ہزار آدمیوں کو اس طرح بیکار نہیں کرسکتے۔ جیسے آپ ٹیکسٹائل کے اونر کو کچھ کر دیں۔ حالانکہ ٹیکسٹائل کے ورکر کو بھی بیکار کرنے کے میں اخلاقی طور پر خلاف ہوں۔لیکن اتنے ہزار آدمی جو تجربہ کار لوگ ہیں جو بیرون ملک پڑھے جاتے ہیں ۔ جن کا ملک میں اثر ہے ، جن کے لاکھوں قارئین ہیں ۔ نارتھ امریکہ ' یورپ میں جنگ جاتا ہے ۔ انگلینڈ میں تو اس کا روزنامہ ۱۹۷۱ء سے چھپتا ہی ہے ۔ جیسا کہ شیخ آفتاب صاحب نے فرمایا کہ ان کا اخبار جہاں ہے ' دی نیوز ہے ' سپورٹس کا پرچہ ہے ، آواز اور ہفتہ وار میگ بھی ہے ۔ اور عوام ان کا شام کا اخبار ہے ۔ تو جناب اتنے اخباروں میں اتنے ہزار صحافی اور ادیب کام کرتے ہیں اور اس اخبار پر کسی قسم کا ایسا حملہ انکم ٹیکس کے نام پر آپ کریں ۔ یہ اتنے سارے لوگوں کو نہ صرف بیکار کرسکتا ہے بلکہ ان کی تو ایک set readership ہے جو دس لاکھ روزانہ کی کہلاتی ہے ۔ دس لاکھ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ٹوٹل اشاعت کا ، اگر آپ ایک گھر میں average پانچ آدمی بھی لگائیں ۔ حالانکہ آبادی زیادہ ہے تو پچاس لاکھ کی تو daily readership ہے اور پھر اس کو لوگ گھر میں رکھ کر دو دو تین دن پڑھتے ہیں ۔ اور ریستورانوں میں تو پچاس پچاس آدمی پڑھتے ہیں ۔ اور لندن کا تو مجھے معلوم ہے کہ گھر سے گھر جاتا ہے سب تو نہیں لیتے اور نیویارک میں اور لاس اینجلس کا میں بتا سکتا ہوں چونکہ میں خود وہاں سے کالم بھیجتا تھا اور جب پڑھنے اور دیکھنے جاتا تھا تو وہ ایک حلوائی کی دکان میں ملتا تھا اور ۱۹۹۰ء میں کم از کم ڈیڑھ سو آدمی اس وقت لے کر جاتے تھے ۔ تو جناب اس قسم کے اخبار کو میں یہ نہیں کہ میں اس میں لکھتا ہوں ۔ ضرور مجھے اس سے محبت ہے لیکن اس قسم کے ادارے پر انکم ٹیکس کے نام پر حملہ کرنا ، میں آپ کو واضح کرتا چلوں اور یہ بتاتا چلوں----

جناب چیئرمین۔عالی صاحب ذرا لمبا ہوگیا ختم کریں ۔

جناب جمیل الدین عالی۔ جناب میں ختم کرتا ہوں ۔ جناب میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ حملہ انکم ٹیکس کے نام پر ہوا ہے کہ انیس سو ملین یا کتنے دبا لئے ۔ ۳۲ کروڑ روپے کا تو ان پر ۱۹۷۷ء میں ہوا تھا تو میرخلیل الرحمن جیت گیا تھا ۔اب جتنے کا بھی ہوا ۱۹۹۰ء کا مجھے اصل اعداد وشمار یاد نہیں ، کئی کروڑ کا ان پر الزام تھا وہ بھی میرخلیل الرحمٰن جیت گئے تھے ۔ اب اس دفعہ کی میں کوئی پیشنگوئی نہیں کرسکتا کہ کیا ہوگا لیکن ایک پیشنگوئی کرنا چاہتاہوں as a student' کہ مارشل لاء کی حکومت تک جناب صدر ایوب خان صاحب کو اللہ ان کو بخشے میں ان کا بڑا مداح رہا ہوں ۔ انہوں نے پاکستان ٹائم کو take over کرلیا تھا ۔ اس کے نتیجے میں انہیں تو کچھ نہیں ملا لیکن پورا ادارہ تباہ ہوگیا ۔ جب تک آپ مارشل لاء نہ لگاکر کسی ادارہ ابلاغ کو ختم کرنا چاہیں ۔ مارشل لاء بھی آٹھ برس چلے جیسے صدر ایوب کے زمانے میں چلا تھا ، کسی اخبار کو ختم کرنا کسی بڑی سے بڑی طاقت اور حکومت کے لیے بھی ممکن نہیں ہے ۔ اگر جمہوریت کا دور دورہ ہے ۔ تو نقصان اٹھائے گی حکومت ، اگرکسی نے غلط مشورہ دیا ہے حکومت کو تو غلط مشورہ دیا گیا ہے ۔ اور ابھی بھی وقت ہے اپنے رویہ پر نظرثانی کریں ۔ ان سے ٹیکس وصول کریں ، جیسے اوروں کو وقت دیا ہے وقت دیں ۔ نارمل سلوک کریں ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین۔شفقت محمود صاحب وقت کم ہے صرف دو منٹ ۔

جناب شفقت محمود ۔جناب پرویز رشید نے میرا نام لے کر کہا ہے ۔ افسوس ہے کہ ابھی وہ ہیں نہیں کیونکہ ابھی ان کو سینٹ سے resign کرنا پڑے گا ۔ جناب انہوں نے یہ کہا کہ اگر شفقت محمود اور ان کے ساتھی جو ہیں کوئی مثال دے دیں کہ victimization مسلم لیگ یا اس کی حکومت نے کی ہو تو میں سینٹ کی ممبری سے استعفیٰ دے دوں گا ۔

۱۳مئی ۱۹۸۹ء کو لاہور میں ایم ایس ایف کے سٹوڈنٹس نے حکومت کی ایماء پر جلوس نکالا جنگ کے دفتر کے سامنے نعرہ بازی کی اخباروں کو وہاں جلایا گیا ۔

۱۹۹۲ء میں ڈاکٹر ملیحہ لودھی ایڈیٹر دی نیوز کے خلاف sedition کا مقدمہ درج کیا گیا ۔ چونکہ ایک نظم نیوز کے اندر چھپی تھی اس کے اوپر ڈاکٹر ملیحہ لودھی کے خلاف sedition کا مقدمہ چلایا گیا۔ اس کے بعد ٹی ایف سی جس کا انہوں نے ذکر کیا ۔ Friday Times کو ۱۹۹۲ء کے اندر اس وقت کے لاہور پولیس کے لوگ اور سی آئی ڈی کے لوگوں نے وہاں پر جاکر کہا کہ لکھنا بند

کر دو ورنہ تمہارا اور تمہاری فیملی کا تحفظ نہیں کیا جائے گا ۔ بلکہ فون کال کی گئیں کہ باز آ جاؤ ورنہ تمہارا تحفظ نہیں کیا جائے گا۔ اور "جنگ " کی جو مثال جمیل الدین عالی صاحب نے دی ہے کہ by name پندرہ یا سولہ جرنلسٹ کا کہا گیا کہ ان کو یہاں سے نکالا جائے ۔ اگر ان ساری چیزوں کے بارے میں ان کو کوئی شک ہو تو اس بارے میں تو کوئی شک نہیں کہ ڈاکٹر ملیحہ لودھی کے خلاف sedition کا مقدمہ انہوں نے 92ء میں درج کیا ۔ اور پھر کہتے ہیں کہ کوئی ایک مثال دے دو ۔ تو میرا خیال ہے کہ اگر ان میں ذرا غیرت ہوئی تو ان کو ---

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ ان کا یہ کہنا ہوگا کہ ہم نے مقدمہ درج کیا ، حملہ نہیں کیا ۔ جی فضہ جونیجو۔ کوشش کریں کہ پانچ منٹ لیں تاکہ دوسروں کو بھی موقع ملے ۔

محترمہ فضہ جونیجو۔ میری بات پانچ منٹ کی بھی نہیں ہے ۔ یہ بہت ہی افسوس ناک واقعہ ہے جو کہ پیش آیا ہے "جنگ "کے دفتر میں ۔ اس پر میں یہ کہوں گی جناب چیئرمین! کہ واقعہ کی پوری تفصیلات میرے علم میں نہیں ہیں ، اب دونوں طرف کے ممبر صاحبان اس کی تفصیلات بتا رہے ہیں ۔ لیکن اس کا سارا الزام اگر ہم حکومت پر لگا دیں کہ حکومت اس کی پوری پوری ذمہ دار ہے بغیر اس طرف سے کچھ سنے کہ منسٹر صاحب کیا کہتے ہیں تو یہ صحیح نہیں ہوگا ۔ جہاں تک پریس کا تعلق ہے ، صحافت کا تعلق ہے ، چیئرمین صاحب ! ہمارے معاشرے میں صحافت نے ، پریس نے بہت ہی مثبت کردار ادا کیا ہے ۔ اخباروں نے اس ملک کو بنانے میں بہت ہی اہم کردار ادا کیا ۔ اس وقت میڈیا کے یہ سارے وسائل نہیں تھے جو اس وقت موجود ہیں ۔تو یہ اخباریں ہی تھیں اور یہ ہمارے صحافی بھائی ہی تھے جنہوں نے ہمارے لیڈروں کا message پورے برصغیر تک پہنچایا اور یہ ملک تخلیق ہوا جس کے نتیجے میں ہم آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں اور ایک آزاد مسلمان کی حیثیت سے آج یہاں پر بیٹھے ہیں ۔

جہاں تک ویسے پریس کا تعلق ہے تومیں کہوں گی کہ پریس نے عوام میں اور ہمارے ملک میں بہت ہی شعور پیدا کیا ہے ۔ ہمارے اخبارات نے معاشی طور پر بھی،معاشرتی طور پر بھی سیاسی طور پر بھی بہت ہی شعور پیدا کیا ہے ہمارے عام عوام کے اندر ۔ میں سمجھتی ہوں کہ صرف اپوزیشن کی سائیڈ سے ہی سیاستدان نہیں یا گورنمنٹ کی طرف سے سیاستدان نہیں ، ہم سب

ہی صحافی بھائیوں کی ' اخبارات کی بہت عزت کرتے ہیں ' بہت قدر کرتے ہیں اور ہمیں احساس ہے کہ انہوں نے کس طرح کے کردار معاشرے میں ادا کیے ہیں ۔ لیکن اس معاملے میں' میں یہ کہوں گی کہ وزیر صاحب تشریف لائیں اور ہم سنیں کہ ان کا جواب کیا ہے ۔ تو پھر اس پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ آیا ان کا جواب اطمینان بخش ہے یا نہیں ہے ۔ رہی بات آج کے واقعے کی تو اس طرح ہونا نہیں چاہیے تھا اور یہ dues وغیرہ جو بھی ہیں جو ان کی طرف نکلتے ہیں وہ دے دیں گے یا جو بھی ہے ' کل بات clear ہوجائے گی ۔ تو وہ ان سے لے لئے جائیں گے یا دے دئیے جائیں گے ۔ لیکن منسٹر صاحب کے جواب کا ہمیں انتظار کرنا چاہیے ۔

جناب چیئرمین۔ جی رضا ربانی صاحب ۔ باری باری جی ۔ party wise چلتے ہیں ۔ ہر ایک کو موقع ملے گا ۔ مٹھ صاحب ۔OK مٹھ صاحب ۔

جناب بشیر احمد مٹھ۔ جناب' مجھے آپ نے اظہار خیال کا موقعہ دیا اور آپ نے اس ہاؤس کو موقع دیا کہ اس واقعہ پر اور اس trend پر جو اس ملک میں چل رہا ہے ' تمام ممبران اظہار خیال کریں ۔ جناب چیئرمین صاحب ! میں اس کی ضرورت نہیں سمجھتا کہ آپ کو یہ جتاؤں کیونکہ آپ کو خود پتہ ہے کہ کسی بھی democratic state میں ' کسی جمہوری ملک میں ' معاشرے میں پریس ' جیسے کہ عالی صاحب نے کہا ' یہ 4th pillar بھی ہے ۔ سٹیٹ کے سٹرکچر کا یہ 4th pillar ہے ۔ اور ایک لحاظ سے جتنا کوئی ملک مہذب اور جتنا ترقی یافتہ ہو ' جتنا لبرل ہو ' جتنا democratic ہو ' جتنے اس میں عوام کے حقوق ہوں ' وہاں پر اس کی افادیت اور طاقت بھی زیادہ ہوتی ہے ۔ تو پریس ایک طرح سے ایک ملک کی civiliation یا اس کی maturity یا اس کے mental calibre کا ایک reflection ہے ۔ اگرکسی ملک میں آپ صحافیوں کو زد وکوب کریں گے اور اس کی خبرکسی اور ملک میں جائے گی تو پہلے جو نقشہ مرتب ہوگا تو وہ یہ ہو گا کہ یہ ایک جاہل ملک ہے ' غیر مہذب لوگ ہیں ۔ تو اس سے جو تشہیر ملتی ہے کسی ملک کو ' جس طرح آپ ٹی وی پر دیکھتے ہیں ' میں ان ممالک کا نام نہیں لینا چاہتا ' کیونکہ ان سے ہمارے تعلقات خراب ہوتے ہیں ' مگر ایسے ممالک ہیں جہاں پر روزانہ وہ مارتے ہیں ' وہ شہروں پر چڑھائی کرتے ہیں ' ان کے فوجی آتے ہیں ' دنگل ہوتا ہے تو the first impression we have regarding them is کہ یہ ابھی تہذیب کی اس سٹیج کو نہیں پہنچے جس میں یہ بیسویں صدی کی دنیا تیر رہی ہے اور لوگ

اکیسویں صدی کی دہلیز پر کھڑے ہیں ۔تو جناب چیئرمین ! اگر ہمارے ملک میں پچاس سال کے بعد ہمارا یہ حال ہو کہ ہم نے اس کا structure realize ہی نہیں کیا ہے کہ اس پریس کا مقام کیا ہے تو بہت ہی افسوس کی بات ہے ۔پھر جناب جو یہ واقعہ ہوا ہے اس کے بعد اس کے بارے میں میرے معزز دوست نے کہا کہ یہ پارلیمنٹ کو زیب نہیں دیتا کہ وہ (***) کی طرفداری کرے ۔اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پریس کے لوگ، ان کے نظر میں، جو لفظ انہوں نے استعمال کیا ہے یہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ یہ مسلم لیگ کی موجودہ گورنمنٹ پریس کی کوئی پرواہ نہیں کرتی ۔ اس لئے نہیں کرتی کہ انہوں نے یہ پروگرام یہ بلیو پرنٹ بنایا ہے کہ اس ملک میں انہوں نے رائے ونڈ کی آمریت قائم کرنی ہے ۔اگر ان کو یہ احساس ہوتا کہ اپنی پالیسیوں کی ترویج کے لئے یا اپنے فلسفے یا نظریئے کی پروگریس کے لئے ان کو پریس کی ضرورت پڑے گی اور ان سے اچھے تعلقات قائم کرنا ہوں گے تو وہ ایسے الفاظ استعمال نہ کرتے ۔

تو دوسری بات جو انہوں نے کی وہ کیا کہتے ہیں کہ which is really وہ اس کو مضحکہ خیز کہتے ہیں جی ۔ مضحکہ خیز یہ ہے کہ انہوں نے کہا ہے پارلیمنٹ کو یہ بات زیب نہیں دیتی کیونکہ پارلیمنٹ کا مرتبہ تو اونچا ہے ۔میں جناب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کے جو معزز وزیر اعظم صاحب ہیں وہ اس سینٹ ، اس ہاؤس کے بارے میں کیا خیالات رکھتے ہیں ۔ وہ جب دیہات میں جاتے ہیں سندھ ،بلوچستان ،یا پنجاب کے دیہات میں تو وہ ان لوگوں کے سامنے کہتے ہیں کہ میں تو شریعت لانا چاہتا ہوں لیکن یہ سینٹ جو ہے یہ نہیں لانا چاہتا۔

تو اس بات پر، بار بار میں اس کا ذکر نہیں کرنا چاہتا مگر میں یہ کہتا ہوں کہ شریعت تو چودہ سو سال سے یہاں پر عالم اسلام میں رائج ہے ۔اس بل کا تو شریعت سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ بل تو اپنے اختیارات بڑھانے کے لئے وہ لانا چاہتے ہیں بلکہ وہ اس جگہ پر اپنے آپ کو بٹھانا چاہتے ہیں کہ جس کا کبھی ان کو خواب بھی نہیں آنا چاہیے ،اپنے گریبان میں ذرا دیکھیں ! کیا وہ اس قابل ہیں کہ وہ اس مسند پر بیٹھیں جس کی وہ بات کر رہے ہیں تو یہ سینٹ جس کی وہ روزانہ بے عزتی کرتے ہیں حالانکہ شریعت میں وہ interested نہیں ہیں ، آپ کو بھی پتا ہے مجھے بھی پتا ہے ۔ کیا وہ اس قابل ہیں کہ وہ شریعت کو face کریں ان کے ساتھی اس قابل

(*** The words expunged by the order of the Chairman)

ہیں کہ وہ شریعت کو face کریں ۔ مگر یہ تو لوگوں کی آنکھوں میں خاک ڈالنے کے لئے ہیں لیکن ہمیں کوئی ڈر نہیں ہے شریعت کے قانون لائیں ہم پاس کریں گے ۔ بہر حال میں تو اس طرف اس لئے چلا گیا کہ انہوں نے پارلیمنٹ کی بات کی جس پارلیمنٹ کا ان کو کوئی احترام نہیں ہے، پریس کا ان کو کوئی احترام نہیں ہے، جوڈیشری کو زدو کوب کیا ۔ وہاں پر بہت معزز لوگوں نے جا کر گالیاں دیں، جو میری زبان پر نہیں آتیں ۔ چیف جسٹس کے دروازے پر لات مار کر جو گالی دی ہے وہ میری زبان پر نہیں آتی ہے ۔ پھر انہوں نے اور اداروں میں بھی intervention کی ۔ بلوچستان کی ہائی کورٹ کے جج کے ساتھ، چیف جسٹس کے ساتھ جو آج کل واقعہ ہوا ہے وہ آپ کے سامنے ہے ۔ تو مطلب میرا یہ ہے کہنے کا مختصراً کہ وہ جناب عالیٰ جو ہیں! وہ فاؤنڈری کے مالک، اتفاق فاؤنڈری سے ابھی وہ خواب دیکھ رہے ہیں یہاں پر بادشاہی بنانے کا، اور یہ بھی اس کی ایک کڑی ہے جو پریس کو وہ مرعوب کرتے ہیں، پریس کو وہ دباتے ہیں، پریس کا گلا دباتے ہیں ۔ پریس کو کہتے ہیں کہ آپ یہ بات لکھیں کہ نواز شریف تو سب سے بڑا عظیم لیڈر ہے ورنہ ہم آپ کے ساتھ یہ کریں گے، وہ کریں گے ۔

جناب ابھی کل! یہ میرے دوست اٹھ گئے دونوں اٹھ گئے ہیں، عبدالرحمان خان ملک میرے بہت دوست ہیں، انہوں نے جب ہمارے وزیراعظم کو بلایا ممہند ایجنسی میں تو انہوں نے کہا کہ میں یہاں طالبان کی طرز کی شریعت لاؤں گا ۔ جب واشنگٹن میں پیشی کے لئے گئے تو توبہ کی اور کہا کہ میں نے یہ بات نہیں کی ہے ۔ ابھی ہمارے انفارمیشن منسٹر یہاں کیا آئیں گے، وہ تو گلی کوچے میں پھر رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ کبھی اس نے یہ نہیں کہا ۔ تو پہلے آپ اس شخص کو دیکھیں کہ وہ یہاں کیا کہتا ہے اور وہاں کیا کہتا ہے but his main aim is to have the Raiwind blend of *Shahanshahiat* in this country. اس کے لئے وہ پریس پر دباؤ ڈال رہے ہیں ۔

میں ان کی خدمت میں، صرف اتنا اپنے مسلم لیگ کے بھائیوں کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ جوڈیشری کو بھی مٹائیں گے، پارلیمنٹ کو بھی مٹائیں گے، پریس کو بھی مٹائیں گے تو پاکستان کی بنیادیں تو آپ ختم کر دیں گے ۔ آپ شہنشاہیت کہاں پر قائم کریں گے ۔ تو پھر ایسے کریں کہ ان سب مصائب سے نجات کے لئے، ہم مانتے ہیں کہ ان کو مینڈیٹ ملا ہے ۔ بالکل مینڈیٹ ملا ہے ہم مانتے ہیں ۔ ہاؤس میں ان کی اکثریت ہے تو کیا ان تیرہ

کروڑ عوام میں کوئی ایسی شخصیت نہیں ہے جو آ کر اس مینڈیٹ کو سنبھالے ۔ وہ بے لگام گھوڑا جو انہوں نے مینڈیٹ کا بنایا ہوا ہے وہ کہاں پر جا کر غرق ہو گا۔ اس کو تھوڑا سا لگام دیں یا کسی اور آدمی کو جو اس پر سواری کو جانتا ہو اس کو آگے لائیں تاکہ ملک کو چلائے جی ۔ دوسری بات جی میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو سلسلہ ہے پریس کو دبانے کا ، پریس کا گلا گھوٹنے کا یہ تو کافی عرصے سے جاری ہے جی نیوز لائن پر اٹیک ہوا ہم نے اس question کو یہاں پر raise کیا ارشاد حقانی کو threat ملا ، اس question کو ہم نے raise کیا ۔

ہمارے وزیر داخلہ صاحب معلوم نہیں جاگ رہے ہیں یا سو رہے ہیں ، ہمارے وزیر قانون صاحب کے ساتھ محو گفتگو ہیں ، ان بیچاروں سے ہم اگر سوال کرتے ہیں تو وہ ایک ہی نسخے میں اس کا جواب دے دیتے ہیں ۔سوال آپ گندم کریں وہ جواب جو دے دیتے ہیں اور پھر اس پر insist بھی کرتے ہیں ۔ اتفاق سے انفارمیشن کے وزیر اس وقت موجود تھے انہوں نے ہنسی خوشی میں وہ بات گزار دی۔ اس کا نتیجہ آج یہ ہوا کہ the press in Pakistan is really threatened which means that the institution of democracy in this state is really threatened, which means that the Constitution of this country is really in the process of being demolished. آپ مجھے یہ بتائیں کہ یہ ایجنڈا لے کر جو ان کا بلیو پرنٹ ہے ، جو ان کا ایجنڈا ہے ، اس کو لے کر جو ہمارا brother میدان میں اترا ہے، وہ ہمیں کہاں تک لے جائے گا۔ میں بڑے ادب کے ساتھ اور with all the emphasis and seriousness ان سے یہ درخواست کروں گا کہ آپ مہربانی کر کے یہ process جو ہے demolition کا ، institutions کی، judiciary کی، سینٹ کی اور press کی ، اس کو چھوڑیں اگر نہیں چھوڑیں گے تو ملک کی تباہی کے آپ ذمہ دار ہیں ۔ بہت شکریہ جی ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔ اس طرف سے کوئی بولنا چاہتا ہے۔ کوئی نہیں جی۔ اب party-wise چلتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اکرم شاہ صاحب پہلے بولیں ۔ شاہ صاحب آپ مختصر کریں تاکہ سب کو وقت مل جائے۔

جناب اکرم شاہ خان۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین صاحب ! بظاہر تو اس ملک میں آئین بحال ہے ، پارلیمنٹ موجود ہے ، آئینی ادارے اپنا کام کر رہے ہیں لیکن جناب

چیئرمین صاحب ! جب آپ اس کو حقیقت میں دیکھتے ہیں تو تحریر و تقریر کی آزادی مفقود ہے جو کہ انسان کا بنیادی حق ہے ،جمہوری حق ہے ۔ یہاں پر مختلف اوقات میں جو کچھ ہوا ، چونکہ کل کے واقعہ پر بحث ہو رہی ہے بالخصوص جنگ اخبار کے دفتر میں جو ہوا ، وہ یقیناً جمہوریت کے لئے ، اداروں کے لئے ، اس ملک میں آئین کی حکمرانی کے لئے ایک انتہائی نقصان دہ عمل ہے ۔ جناب چیئرمین ! یہاں پر question hour میں جناب وزیر داخلہ صاحب بار بار فرماتے رہے کہ مجھے ذرا کراچی سے فارغ ہو لینے دیں ۔ مجھے کراچی کے حالات درست کرنے دیں کیونکہ وہاں دہشت گردی ہو رہی ہے لیکن جناب چیئرمین ! انہوں نے تو بہت سے محاذ کھولے ہوئے ہیں ۔ جنگ اخبار کے دفتر میں کیا دہشت گردی ہو رہی تھی ۔ وہاں تو کسی سے کوئی اسلحہ برآمد نہیں ہوا ۔ وہاں تو ہمارے صحافی دوست قلم اور کاغذ لے کر بیٹھے ہوئے تھے ۔ تو کیا یہ طریقہ کار مناسب تھا کہ وہاں جا کر صحافیوں سے ایف آئی اے کے لوگ معلومات حاصل کریں جس سے اچھے اچھے لوگوں کی جان نکلتی ہے ۔ اگر کوئی معلومات کرنی بھی تھیں تو کیا اس کا یہ proper راستہ تھا کہ ایف آئی اے والے جا کر وہاں بیٹھ جائیں اور دہشت اور خوف و ہراس پھیلائیں۔

تو جناب چیئرمین صاحب ! میں سمجھتا ہوں کہ جس طریقے سے یہاں پر ایمرجنسی نافذ ہے، جس طریقے سے یہاں پر ہمارے ایک صوبے میں گورنر راج نافذ ہے ، جس طریقے سے فوجی عدالتیں بنائی گئی ہیں اور اب جس طریقے سے صحافت پر ، تحریر پر ، لوگوں کو اپنا مافی الضمیر بیان کرنے پر پابندی لگائی جا رہی ہے تو ہماری حکومت ، ہماری سوسائٹی آہستہ آہستہ facism کی طرف بڑھ رہی ہے اور یہاں پر حکومت کا طرز روز بروز facist ہوتا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! ہمارے وزیراعظم صاحب ایک تاجر ہیں ، ایک industrialist ہیں ۔اس پر کوئی پابندی نہیں۔ یہ کوئی بری بات نہیں ہے کہ وزیراعظم صاحب کا کوئی کاروبار ہے لیکن جناب چیئرمین صاحب! جب آپ اتنے کاروبار کے مالک ہیں تو یقیناً کہیں پر آپ کا ادارہ ڈیفالٹ کر جائے گا۔ کہیں پر کوئی دھوکہ یا ڈاکہ پڑ جائے گا تو جب دنیا کا تمام پریس چھاپتا ہے تو ہمارے پریس کو یہ حق ہے کہ وہ ہماری عوام کو بتائے کہ فلاں شخص یا فلاں تاجر یا فلاں industrialist کیا کر رہا ہے۔ اس کے خلاف کیا کیا کیسز ہیں۔ اس نے کیا دھوکہ دہی کی ہے ، اس نے کیا ڈیفالٹ کیا ہے۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی جرم نہیں ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! اب تو ہم یہ مطالبہ کریں گے کہ کل کا جو واقعہ ہوا ہے ، وزیر داخلہ صاحب بیٹھے

ہوئے ہیں ، ایف آئی اے ان کا محکمہ ہے ، ان کا ادارہ ہے تو اس کی مکمل تحقیقات کرائیں اور ذمہ دار لوگوں کے خلاف انکوائری کریں ، ان کو سزا دیں اور" جنگ " کی ساکھ کو جو نقصان پہنچا ہے ، ہمارے " جنگ " کے صحافی دوستوں میں جو خوف و ہراس پھیلایا گیا ہے ، جو عدم تحفظ کا ان میں احساس پیدا ہوا ہے اس کا ازالہ کیا جائے ۔ یہی میری گزارشات تھیں ۔ بڑی مہربانی جی ۔

جناب چیئرمین۔ جی مولانا حافظ فضل محمد صاحب ۔

حافظ فضل محمد ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ بہت بہت شکریہ جناب عالی ! یہ ایک انسانی فطرت ہے کہ جب بھی انسان کی عقل پر اس کی نفسیات کا غلبہ ہو تو اس کے اندر ایک غرور ، ایک احساس برتری ، ایک تکبر ، اس قسم کے احساسات پیدا ہو جاتے ہیں ۔ وہ کبھی اس کو محسوس بھی کرتے ہیں ، کبھی غیر شعوری طور پر ایسے حرکات اس سے سرزد ہوتی ہیں کہ وہ اسے محسوس بھی نہیں کرتے ۔ اگر واقعتاً میاں نواز شریف صاحب " امیر المومنین " بننا چاہتے ہیں ، اگر وہ اس منصب کے مستحق ہیں اور اپنے آپ کو مستحق سمجھتے ہیں تو پھر وہ اپنے اندر وہ صفات دیکھ لیں اور ان کو پیدا کرنے کی کوشش بھی کریں جو ایک" امیرالمومنین " کے لئے ضروری ہیں ۔ جناب عالی ہم سب کو پتا ہے کہ ہمارے اسلام کے خلفائے راشدین کا ایک زریں دور گزرا ہے اور وہ پوری دنیا کے لئے ایک نمونہ ہے ۔ اس میں خاص طور پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور ہے کہ ایک عام صحابی نے خطبے سے روک لیا کہ مال غنیمت سے جو چادریں آئی تھیں ، جو کپڑا آیا تھا وہ اتنا نہیں ہو سکتا تھا کہ آپ کے لئے اتنا لمبا اور بڑا کُرتا بن سکتا تھا لہذا پہلے خطبہ روک دیں اور اس کُرتے کا حساب آپ اس امت کو دیں کہ یہ آپ نے کہاں سے غبن کیا ہے یا چوری تو نہیں کی ہے ۔ انہوں نے خطبہ روک لیا اور اپنے بیٹے عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اشارہ کیا ، انہوں نے مسجد نبوی میں کھڑے ہو کر تمام صحابہ کو بتایا کہ بھئی میرا جو کپڑے کا حصہ تھا وہ بھی میں نے ان کے حوالے کر دیا تھا ۔ لہذا اس سے اتنا بڑا کُرتا بن گیا ۔ پھر خطبہ شروع کیا اور یہ الفاظ کہے کہ الحمد اللہ الذی مجھے اس ذات کی حمد ہے جس نے اس امت کے اندر وہ افراد پیدا کئے ہیں کہ خلیفہ کو خطبے سے روک کر ایک کُرتے کا حساب مانگتے ہیں ۔ اس نے اس پر اللہ کا حمد بھی ادا کیا ، اس کو ٹوکا نہیں ، اس کو دھمکایا نہیں ، اس کو ڈرایا نہیں ، حالانکہ حضرت عمر کے پاس وہ فوج بھی تھی کہ اس آدمی کو اسی جگہ پر جس طریقہ سے وہ چاہتے ، اسی طرح کا حشر کر

سکتے تھے لیکن یہ امیرالمومنین کی ایک صفت ہے جو ایک مسلمان حکمران کے اندر تحمل ، برداشت، صبر اور لوگوں کی بات کو صحیح طریقے سے سننا اور پھر اس پر عمل کرنا یہ ان کے بنیادی اثاثی فرائض میں شامل ہے۔

ہماری صحافت میں بھی کچھ کمزوریاں ضرور ہوں گی، وہ بھی ہمارے معاشرے کا ایک حصہ ہیں ، لیکن حکمرانوں اور صحافیوں کا ہمیشہ جھگڑا رہتا ہے۔ وہ اس بنیاد پر نہیں ہے کہ تمہارے اندر یہ کمزوری ہے لہذا میں تم پر ہاتھ ڈالنا چاہتا ہوں اور تمہاری اصلاح کے لئے میں یہ کرنا چاہتا ہوں بلکہ حکمرانوں اور صحافت کے اندر ہمیشہ جھگڑا اس بنیاد پر ہے کہ تم ہماری بے جا اور بلا جواز مدحی کیوں نہیں کرتے ، ہمارے ہر ناجائز عمل کو ، ہر بُرے عمل کو ، ہر سیاہ کاری کو تم کیوں زریں الفاظ سے لکھ کر دنیا کے سامنے ایک خوشنما انداز سے پیش نہیں کرتے ، ہمیشہ حکمرانوں کے جو جھگڑے رہتے ہیں وہ اس قسم کے جھگڑے ہوتے ہیں۔اب خصوصاً "جنگ" کے ساتھ جھگڑا چل رہا ہے، مجھے بہت بڑی حد تک یہ یقین ہے کہ یہ اس بنیاد پر نہیں ہے کہ "جنگ" کے ادارے کے ساتھ ان کا کوئی قانونی جھگڑا ہے بلکہ دراصل جھگڑا یہ ہے کہ وہ ادارہ اس کی ہر ہاں میں ہاں ملانے کے لئے تیار نہیں ہے، ان کے تمام کرتوت چھپانے کے لئے تیار نہیں ہے۔ وہ منظر عام پر لانا چاہتے ہیں اور لا رہے ہیں ۔ اس بنیاد پر ان کے ساتھ جھگڑاہے ۔ جناب اگرچہ ہمارے کچھ حضرات فرماتے ہیں کہ یہ ملک کا نقصان ہے۔یہ عوام کا نقصان ہے ، نہیں ، یہ حکومت کا اپنا نقصان ہے۔ یہ حکومت خود اس قسم کی حرکتوں سے ڈوب جائے گی اور پچھلے دور میں بھی ہمارے یہاں جو ساتھی ہیں ، پیپلز پارٹی دور میں ان کا رویہ بھی اس وقت اخبارات کے ساتھ اچھا نہیں تھا تو ان کا حشر کیا ہوا۔

تو میں نواز شریف صاحب کو ایک مشورہ دیتا ہوں کہ آپ کم از کم اس لومڑی کی جو ایک مثال ہے اس سے کچھ سبق سیکھیں۔ ایک لومڑی تھی، ایک شیر تھا اور ایک بھیڑیا تھا۔ یہ تینوں شکار پر گئے اور وہاں تین چیزیں شکار کیں ۔ جب واپس اپنی جگہ آئے تو شیر نے بھیڑیے کو کہا کہ یہ چیزیں تقسیم کرو۔ تو بھیڑیے نے کہا کہ یہ ہرن آپ کا ہے۔ خرگوش میرا ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ تھا، یہ لومڑی کا ہے۔ تو شیر کو غصہ آیا کہ یہ سارے کے سارے میرے حوالے کیوں نہیں کئے۔ تم نے تو میرے ساتھ برابری کا مظاہرہ کیا کہ اپنے لئے بھی کچھ حصہ لے لیا تو شیر نے حملہ کیا اور بھیڑیے کی ران نکال دی اور اس سے خون بہنے لگا ۔ پھر شیر نے

لومڑی کو کہا کہ اب تم تقسیم کرو۔ لومڑی جان گئی کہ اگر میں نے بھی اس طرح تقسیم کر دی تو میرا حشر بھی بھیڑیے والا ہوگا۔ تو لومڑی نے کہا کہ شیر ابا ' یہ ہرن جو ہے یہ آپ کا شام کا کھانا ہے۔ یہ خرگوش جو ہے آپ کا دوپہر کا کھانا ہے۔ یہ پرندہ آپ کا صبح کا ناشتہ ہے۔ شیر نے کہا کہ شاباش لومڑی۔ آپ کتنی عقلمند ہیں - یہ تقسیم تم نے سیکھی کہاں سے ہے۔ لومڑی نے کہا کہ بھیڑیے کی ٹانگ سے میں نے یہ تقسیم سیکھی ہے۔

تو میں نواز شریف صاحب کو یہ مشورہ دیتا ہوں کہ اس قسم کے حکمرانوں کے انجام سے آپ یہ سیکھ لیں کہ جنہوں نے صحافت کے ساتھ ٹکر لی ہے ان کا انجام کیا ہوا ہے۔ لہذا ہمارا ان کو یہ مشورہ ہے کہ آپ صحافت کو بے جا نہ چھیڑیں۔ یقیناً اس حد تک میں اس کے حق میں ہوں کہ پوری دنیا کے لئے، ہر فرد کے لئے ' ہر ادارے کے لئے ضابطہ اخلاق ہو۔ صحافت کے لئے ضابطہ اخلاق ہو۔ پارلیمنٹ کے لئے بھی ہو' سیاستدان کے لئے بھی ہو' بیوروکریٹ کے لئے بھی ہو' فوج کے لئے بھی ہو' عوام کے لئے ہو۔ایک دائرہ کے اندر ہر ایک فرد آزادی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے - لیکن یہ غلط رویہ ہے کہ وہ خوامخواہ اس کو اس پر مجبور کرنا چاہتے ہیں کہ وہ ہماری مداحی کریں اور ہمارے ہر ناجائز کو جائز قرار دیں۔ یہ پھر صحافت کے ساتھ خیانت ہے۔ صحافی اگر اس طرح کرنا چاہیں تو وہ بھی خائن ہوں گے۔ اس ادارے کا جو اصل حق ہے' فرض ہے وہ اس میں ناکام ہوں گے - وہ پھر صحافی بننے اور صحافی کہلانے کے بھی حقدار نہیں ہوں گے۔ میں کہتا ہوں کہ ایک لحاظ سے صحافت تو حکمرانوں کے ساتھ تعاون کر رہی ہے۔ وہ جو عام معاشرے کے اندر پھیلتے ہیں' جاتے ہیں ' عام لوگوں کے جو احساسات ہیں' ان کی جو روش ہے' ان کا حکومت کے بارے میں جو رویہ ہے یا جو ایک فکر ہے' ایک عقیدہ اور نظریہ ہے ' اس کے بارے میں پورے ملک کے عوام کی جو ایک سوچ ہے وہ ان کے سامنے رکھ دیتی ہے۔ یہ تو صحافت کا تعاون ہے اور ان کو چاہیئے کہ اسی سے اپنی اصلاح کرلیں۔ یہ صحافت حکمرانوں کے لئے ایک آئینہ ہے۔ صحافت کے اندر حکمرانوں کو جب آئینے میں اپنا چہرہ نظر آتا ہے تو وہ اپنے چہرے کو دیکھ لیں کہ میرے چہرے پر کتنے داغ ہیں اور کتنے دھبے ہیں۔ ان کو صاف کرنے کی کوشش کریں۔ آئینے کو توڑنے کی کوشش نہ کریں۔ یہ انتہائی حماقت ہے اور بہت بڑی حماقت ہے اور اس قسم کے احمق حکمران ہمیشہ تباہ ہو جاتے ہیں۔ لہذا ہماری دوا بھی ہے' دعا بھی ہے اور مشورہ بھی ہے کہ وہ اس قسم کی حرکات سے باز آجائیں۔

جناب چیئرمین : خدائے نور صاحب ، آپ کچھ کہنا چاہیں گے۔

جناب خدائے نور: شکریہ جناب چیئرمین، کل کا جو واقعہ "جنگ" کے ساتھ ہوا ہے اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ بہت کم ہے۔ صحافت پر قدغن لگانا جمہوریت کے بھی منافی ہے اور اسلام کے بھی منافی ہے۔ کہتے ہیں کہ ایف آئی اے نے یہ کرایا ہے ، میں تو کہتا ہوں کہ ایف آئی اے کی کیا مجال کہ وہ اپنی طرف سے یہ کرتا، ان سے یہ کروایا گیا ہے، کیوں کروایا گیا ہے وہ بھی واضح ہے کہ اسی دن کے اخبار آبزرور میں ایک خبر چھپی اور فوری طور پر حکومت وقت نے ان کو سبق سکھانے کے لئے یہ حرکت کی۔ بات کی جاتی ہے اسلام کی اور شریعت کی لیکن میں یہاں پر یہ ضرور کہوں گا کہ شریعت اور اسلام کے بارے میں شاید ہماری موجودہ حکومت totally نابلد ہے۔ انہوں نے اسلام کے بارے میں کچھ پڑھا ہی نہیں ہے، نام شاید سنا ہے لیکن پڑھا کچھ نہیں ہے۔ جیسے مولانا صاحب نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قصہ سنایا تو حضرت عمر بھی یہی کچھ کر سکتے تھے اگر وہ کرنا چاہتے، وہ اس شخص کو سبق سکھا سکتے تھے جس نے اس پر نکتہ چینی کی لیکن نہیں، انہوں نے ایسی حرکت نہیں کی بلکہ انہوں نے اپنی بات کی وضاحت کی۔ لیکن یہاں پر بجائے وضاحت کرنے کے ان کو سبق سکھانے کا انہوں نے عمل شروع کیا اور میں یہ معذرت کے ساتھ کہوں گا ، میں وہاں بیٹھا ہوا تھا، میں نے یہ بات وہاں سے کی کہ میاں صاحب جو کچھ بھی ہیں، جیسے بھی ہیں ، وہ کسی کی پگڑی نہیں اچھالتے، آج میں اپنی اس بات پر پشیمان ہوں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

آج میں اپنے آپ کو خود جھٹلاتا ہوں کہ جو کچھ میں نے کہا وہ جھوٹ کہا، آج پہلی بار میاں صاحب نے یہ حرکت کی جو کہ میں کہتا ہوں کہ قابل مذمت ہے، اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ میں treasury bench والوں سے بھی یہ کہوں گا کہ یہ اسلام کے بھی خلاف ہے، جمہوریت کے بھی خلاف ہے، اخلاقیات کے بھی خلاف ہے اور آئین و قانون کے بھی خلاف ہے۔

جناب چیئرمین! یہ جو بھی کوئی ایسی حرکت کرتا ہے وہ اس کے انجام کو بھی دیکھتا ہے، آپ شرعی نظام کی بات کرتے ہیں، کل بھی وہاں میانوالی میں آپ نے یہی کہا کہ آپ کو منظور ہے، آپ کو منظور ہے، میں تو وہاں دیکھ رہا تھا تالیوں کے لئے۔ کیونکہ ان کو سمجھ ہی

نہیں آ رہی تھی کہ یہ کہہ کیا رہا ہے کہ کیا منظور ہے۔ وہ طریقہ نہ اختیار کیا جائے جو اس سے پہلے ان کے پیش رو ضیاء الحق نے اختیار کیا کہ اسلام قبول ہے ' ہاں قبول ہے تو میں پانچ سال کے لئے صدر بنا۔ خدا کے لئے اس ملک پر رحم کریں' اس قوم پر رحم کریں' اسلام پر رحم کریں' اسلام یہ نہیں کہتا کہ اگر انہوں نے ایک خبر چھاپی تو آپ اس پر یلغار کریں' آپ ان کو نوٹس دیں' آج سے پہلے آپ نے انہیں کچھ کیوں نہیں کہا' آپ نے یہ جانچ پڑتال پہلے کیوں نہیں کی آج آپ کو کیوں یہ ضرورت محسوس ہوئی ' صرف یہی وجہ تھی کہ وہ آبزرور میں خبر چھپی۔ تو جناب چیئرمین! میں زیادہ وقت نہیں لوں گا' اس سلسلہ میں' میں ہاؤس سے بھی اور اپنے معزز دوستوں سے بھی کہوں گا کہ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کریں اور آزادی رائے کے حق کو پامال نہ ہونے دیں۔ اسی میں ان کی بہتری ہے اگر انہوں نے یہی حرکت کی تو اللہ جانے ان کا حشر کیا ہو گا۔

جناب چیئرمین : اچھا جی پیپلز پارٹی کی جانب سے کون بولیں گے' جی پہلے جہانگیر بدر صاحب' آپ پانچ منٹ میں کرلیں کیونکہ صرف پانچ منٹ ہی رہ جائیں گے۔

جناب جہانگیر بدر : جناب والا! یہ واقعہ جس کی خصوصی طور پر اس جانب سے زبردست مذمت کی گئی ہے۔ میرا خیال تھا کہ دوسری جانب سے کوئی وزیر صاحب حسب روایات آئیں گے اور وہ اپنا point of view یہاں پر پیش کریں گے۔ حکومت کی طرف سے ابھی تک یہی point of view پیش کیا گیا ہے اور بہت ہی کمزور موقف پیش کیا گیا ہے۔ اس موقف کو میں پاکستان ٹیلی ویژن کا خبرنامہ ہی کہہ سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین! جب جنرل ضیاء کی آمریت کے دوران جمہوریت کی بحالی کے لئے تحریک زوروں پر تھی تو اس وقت بھی یہی ہوتا تھا کہ جب جمہوریت کے لئے جدوجہد کرنے والوں پر تشدد کیا جاتا تو ڈپٹی کمشنر کی طرف سے ایک موقف آ جاتا کہ چند شر پسند عناصر سڑک پر اکٹھے ہوئے جنہیں منتشر کر دیا گیا اور دو کو گرفتار کر لیا گیا۔ جناب اس قسم کا موقف ہی دوسری جانب سے پیش کیا گیا اور اس میں دو پوائنٹ جو ہیں وہ خصوصی طور پر لئے گئے ہیں کہ مسلم لیگ نے آزادی صحافت کو یعنی freedom of the press کو کبھی اپنی تاریخ میں پامال نہیں کیا اور اگر کیا ہو گا تو جن صاحب نے موقف اختیار کیا ہے وہ استعفیٰ دے دیں گے۔ جناب

والا! اس کی روشنی میں جناب شفقت محمود نے چند مثالیں پیش کی ہیں لیکن میں یہاں ہاؤس کے ریکارڈ کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مسلم لیگ تو اس ملک میں حکمرانوں کی لونڈی رہی ہے، اس ملک میں آمروں کی لونڈی رہی ہے اور مسلم لیگ کی موجودہ شکل جس میں آج یہ موقف اختیار کیا جا رہا ہے، اس کو جنرل ضیاء نے shape دی تھی، نئی شکل دی تھی، جس میں آج وہ موجود ہیں۔ یہ ساری کی ساری جنرل ضیاء کی ٹیم تھی جناب والا! جو آج دوسری جانب سے حکمرانوں کی شکل میں کھیل رہی ہے اور میں اس پر زیادہ بات کرنا نہیں چاہتا، میں یہ نہیں کہتا کہ جنرل ضیاء نے وہ پابندی لگائی آزادی صحافت پر، ڈکٹیٹر ایسی پابندی لگایا کرتے ہیں، ہٹلر نے بھی ایسا کیا، مسولینی نے بھی ایسا کیا۔ دنیا کے تمام ڈکٹیٹرز ایسا ہی کرتے ہیں، جنرل ضیاء نے بھی ایسا ہی کرنا تھا۔ لیکن جناب والا! نواز شریف بھی انہی کا شاگرد ہے، ابھی کل ہی کی بات ہے، لوگ تاریخ کو بھول جاتے ہیں کہ ایمرجنسی کے نام پر صرف " جنگ " نہیں، صرف " نوائے وقت " یا کوئی ایک ایسا اخبار نہیں، تمام آزادی صحافت، تمام freedom of the press کو ختم کر دیا گیا، تمام fundamental rights سلب کر لئے گئے۔ اس سے بڑی مثال آج کیا دی جا سکتی ہے، یہ کہتے ہیں کہ مسلم لیگ نے کبھی آزادی صحافت پر حملہ ہی نہیں کیا۔ یہ حملے کو سمجھتے ہیں کہ اس کی بلڈنگ پر حملہ کیا جائے، اور اس کی شفقت محمود مثالیں دے چکے ہیں۔ جہاں پر سپریم کورٹ پر حملے کی مثالیں موجود ہیں، وہاں پر اس کی کیا حیثیت ہے۔ اور یہ freedom of the press یہ دنیا کے تمام آئین، دنیا کے پہلے آئین، امریکہ کا آئین، فرانس کا آئین، وہاں سے لے کر آج تک دنیا میں جتنے بھی آئین بنے ہیں، freedom of the press, fundamental rights ان کا بہت ہی important جزو ہے، بہت ہی important ، کوئی جمہوریت اس کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی، یہ تو پریس کی بات کرتے ہیں، یہ تو تمام جمہوریت کے دشمن ہیں، اس کو ہی ختم کر دینا چاہتے ہیں۔

جناب والا! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہ رہا، مجھے پتہ ہے کہ آپ نے مجھے اتنا وقت دیا ہے۔ دوسرا جو موقف ان کی جانب سے پیش کیا گیا وہ ہے کہ انکم ٹیکس، سوشل سیکیورٹی، حکومتی واجبات، سرکاری جانچ پڑتال، واہ، سبحان اللہ کیا بات کی گئی ہے ۔ اس ملک کی آبادی کے لحاظ سے ایک فیصد لوگ ٹیکس دیتے ہیں اور یہاں کا حکمران طبقہ ٹیکس نہیں دیتا، دوسری جانب سے بیٹھے ہوئے بتائیں کہ یہاں پر کہا گیا کہ جناب مجھے بھی ٹیکس کا نوٹس آتا ہے، بتائیں کہ کتنوں کو نوٹس آئے، دو ماہ، چار ماہ، ایک سال کے دوران، کل یہ بھی اپنے ٹیکس

کے نوٹس لے آئیں، ہم بھی اپنے نوٹس ادھر لے آتے ہیں، جو اس جانب سے دیئے گئے ہیں اگر ان میں اتنا بڑا تضاد نہ ہوا تو ، یہ پتہ نہیں سیٹ چھوڑ کر جائیں نہ جائیں میں استعفیٰ اسی وقت دے کر چلا جاؤں گا، ورنہ یہ چیلنج ہے ، جو مرضی میدان میں آ جائے۔ کل ہی آپ بھی نوٹس لے کر آ جائیں میں بھی لے کر آ جاتا ہوں۔

جناب چیئرمین ! بات بیان کرنے کا مطلب یہ ہے کہ یہاں پر جمہوریت کی یکطرفہ ٹریفک چلائی جا رہی ہے، یہاں پر سرکاری وسائل کو ، یہاں ریاستی مشینری کو میاں نواز شریف اور اس کے ساتھی اپنی عیاشیوں کے لئے اور طاقت کو ایک ہاتھ میں رکھنے کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ خواہ اس کو کسی بل کا نام دیں، خواہ اس کو پولیس کے ذریعے استعمال کریں، خواہ ریاستی مشینری کے ذریعے استعمال کریں۔ ان کی جانب سے جناب والا! ان چیزوں کو اس طرح استعمال کیا جا رہا ہے۔ آپ دیکھیں میاں نواز شریف کے کتنے units ہیں اس ملک میں، تیس units۔ دوسری جانب بیٹھے ہوئے وزراء بھی، پارلیمنٹ کے ممبر ان کے کارخانے دیکھیں، ان کے ادارے دیکھیں، بتائیں، ریکارڈ پر لائیں کہ کبھی کوئی Social Security والا آیا، کبھی کوئی Income Tax والا آیا۔ جناب والا! وہاں پر تو میٹر ریڈر بھی نہیں جاتے، وہاں کے کارخانے چوری کی بجلی سے چلتے ہیں، حکمرانوں کے اور یہ کہہ رہے ہیں کہ میر شکیل الرحمن اور "جنگ" کے جو ہے Income Tax raider تھا، Social Security لینی تھی۔ آئیں میدان میں آئیں وہ وزیر صاحب آ کے بتائیں ، کوئی تو ایک وزیر آئے، کوئی متعلقہ وزیر نہیں آیا ورنہ اگر کوئی ایسی بات ہوتی ، وزیر آتا، کہتا میں Social Security کا وزیر ہوں، یہ Social Security کی violation ہوئی ہے۔ آ کے کہتا کہ میں Income Tax کا وزیر ہوں ، میں Finance Minister ہوں ، Income Tax نہیں دیا گیا۔ جناب والا! کتنی غلط باتیں ہیں۔

جناب چیئرمین۔ حبیب جالب صاحب۔

جناب جہانگیر بدر۔ اگر باتیں مکمل نہ کروں تو میری تسلی نہیں ہو گی۔

جناب چیئرمین۔ باتیں ہوگئیں ۔ اصل بات تو آپ نے کر دی ہے۔

جناب جہانگیر بدر۔ اصل بات تو یہ ہے جناب کہ نواز شریف اس ملک میں اپنی dictatorship قائم کرنا چاہتا ہے اور جو لوگ آج اس dictatorship میں حصے دار بن رہے ہیں

تاریخ کی بہت بڑی غلطی کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔

جناب جہانگیر بدر۔ کوئی dictator دنیا میں نہیں بچا جناب والا! کوئی ایک مثال بھی دنیا میں نہیں ہے کہ کسی dictator نے survive کیا ہو۔

جناب چیئرمین۔ نہیں بڑے بڑے کرتے ہیں جی۔

جناب جہانگیر بدر۔ کچھ عرصے تک but not for every time۔

جناب چیئرمین۔ بتیس سال، کتنے سال رہا ہے۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب والا! ویسے تو بادشاہ بھی چالیس سال بیٹھتے رہے ہیں لیکن بڑے democratic انداز کے ساتھ اپنی محفلیں بھی لگاتے تھے۔

جناب چیئرمین۔ لیکن پاکستان میں نہیں ہوا۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب duty لگائی ہوئی ہوتی تھی۔ تاریخ میں ایسی مثالیں ہیں۔

جناب چیئرمین۔ چلیں شکریہ جی۔ حبیب جالب صاحب۔ آپ حبیب جالب صاحب کو موقع دیں time ختم ہو رہا ہے۔ حبیب جالب صاحب۔

جناب جہانگیر بدر۔ ابھی کافی باتیں ہیں۔

جناب چیئرمین۔ Time ذرا دیکھ لیں، ساڑھے نو بجے ہیں۔ جی حبیب جالب صاحب۔

جناب جہانگیر بدر۔ اگر آپ کا حکم ہے تو میں بند کر رہا ہوں۔ آئندہ میرے ساتھ یہ سلوک نہیں ہونا چاہئیے۔ مہربانی۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔ حبیب جالب صاحب۔ جب آپ پانچ منٹ کہتے ہیں، پانچ منٹ بات کریں تو یہ سلوک نہیں ہو گا پھر اچھا سلوک ہو گا۔ جی جناب حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ Thank you جناب چیئرمین صاحب! ویسے آزادی صحافت کا جو concept ہے یقیناً مختلف طبقات، مختلف حکمران، گروہ اپنے حوالے سے ہی پیش کرتے ہیں۔ بڑی بات یہ ہے کہ صحافت کو state کا independent ستون، بعض دوستوں نے کہا

سٹیٹ کا چوتھا ستون ہے لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ یہ state کا ستون ضرور ہے لیکن independent ستون ہے۔ اب اس میں state کے ستون اور government کے ستون میں یہ فرق ہے۔ مسئلہ بنیادی طور پر یہ ہے ، غلطی یہاں سے یہ ہوئی ہے کہ صحافت کو برسراقتدار ٹولہ یا حکمران گروہ ہمیشہ گورنمنٹ کا controlled, well designed, well formulated ستون سمجھنے لگے ہیں، غلطی یہاں سے شروع ہو جاتی ہے۔ اب آپ اس transaction کو دیکھ لیجیئے FIA کی جانب سے یہ جو transaction ہوئی ہے، وہاں گئے ہیں اور record مانگنے کی کوشش کی ہے ، زبر دستی دھمکی، دھونس وغیرہ یہ ایک transaction ہے۔ اگر آپ اس کو دیکھ لیں تو اندازہ یہ ہوتا ہے کہ یہ well calculated تھی well designed تھی اور اس act کا مطلب یہ تھا کہ press کو pressurise کیا جائے۔ مثلاً اس سے دو مقاصد کارفرماں تھے۔ پہلا مقصد یہ تھا کہ press کو خود" جنگ" فورم کو یا" جنگ" گروپس کو subjugate کر کے، انہیں یہ بتا دیا جائے کہ یہ آواز جو جنگ فورم اس وقت اٹھا رہی ہے، دراصل یہ آواز یہاں کے عوام کی ہوسکتی ہے۔ یہ آواز ان طبقات ان افکار کی ہوسکتی ہے جو برسراقتدار نہیں ہیں۔ لہذا" جنگ " جو ہے اس آواز کو قلم کے ذریعے ، media کے ذریعے ،ذرائع ابلاغ کے زریعے dissiminate نہ کرے، اس کی تشہیر نہ کرے کیونکہ اس کی تشہیر کرنے سے جو نظریات و افکار پنپنے لگیں گے وہ 97% لوگوں کے ہونگے۔ اور جو 97% لوگوں کے خیالات و افکار کی کنٹرول آہستہ آہستہ بڑھے گی وہ 3% افراد جو مختلف حوالوں سے یہاں کے لوگوں کو subjugate کرتے ہیں محکوم رکھتے ہیں ان کے وسائل کو لوٹتے ہیں اور وہ کامیاب نہیں ہوسکیں گے ۔ اور دوسری بات یہ تھی کہ یہ بات میں مانتا ہوں کہ جو لوگ حکمران ہوتے ہیں ریڈیو ٹی وی اور مختلف ایسے میڈیاز بھی ان حکمرانوں کے گن گاتے ہیں ان کو mold کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ میڈیا بھی برسراقتدار" گرو" کا ہونا چاہیے جس طرح یہ خام خیالی پیدا ہوئی ہے ۔ لیکن یہ نوٹ کیا جائے کہ پریس جو ہے جس کو ہم صحافت کہتے ہیں ۔صحافت معاشرے کی ضمیر سے جنم لیتی ہے ۔ لوگوں کے مسائل و افکار کے گن گانے لگتی ہے ۔ اور ان تمام مسائل کو یا ان تمام تضادات کو expose کرتی ہے اور وہ جب تمام زیادتیاں exploitation کی شکل میں ہوں یا کسی اور شکل میں ہوں ان کو اٹھاتی ہے اور حتٰی کہ گورنمنٹ کی state running جو ان کے organs ہیں ان کے تمام کرتوت جتنے بھی ہیں یا functions جتنے بھی ہیں ان کی تمام خامیوں کو بروقت اچھالتی ہے اور یہ ہی پریس کا اہم رول

ہے جس کو وہ مارنا چاہتے ہیں ۔ ہمارے منسٹر صاحب بیٹھے ہیں وہ ذرا یہ نوٹ کر لیں کیونکہ
ان کے under ہے یہ پتہ نہیں کس کے under ہے لیکن FIA فی الحال ان کے under ۔
نوٹ کرلیں کہ یہ جو نیچے سے جو پریس کی importance ہے اس ملک کے اندر جو بڑھ سکتی
یقیناً یہی وہ pressure تھا جو مختلف حوالوں سے دیا جاتا رہا ہے مختلف ادوار میں دیا جاتا رہا
پریس کے خلاف صحافت کے خلاف جس کی وجہ سے اس ملک کے اندر وہ جو ہم کہتے
democratic culture نہیں ہے political culture موجود نہیں ہے اخلاقیات کا re develop
نہیں ہو پا رہا ہے ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ صحافت کو، جو معاشرے کے ضمیر
جنم لینے کی کوشش کرتی ہے اس کو وہاں پر ہی دبانے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ اس کے
پریس کو صرف اس حوالے سے بھی کمزور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے بلکہ پریس کو م
حوالوں سے جیسے کہ اس نے مثال دی ہے ایمرجنسی کا نفاذ کرکے ، آئینی ضمانتیں فر
کرکے، مثلاً ، ایک طرف تو آئینی ضمانت موجود ہے کہ پریس کی آزادی اور اظہار رائے کی آ
انسان کا fundamental right ہے، اس کو کوئی بھی نہیں چھین سکتا ۔ تو میں ان سے پوچھنا
ہوں کہ اس وقت جنگ کو جس طرح سے بتانے کی کوشش کی گئی کہ نہ صرف تمہیں اج
نہیں ہوگی بلکہ دوسرے صحافی بھی سن لیں ۔ جیسے کہ ہماری بلوچی میں ایک مثال ہے (کہتے
کہ سن لے تو، اور کہنا چاہتا ہوں بہو کو)

جناب چیئرمین: یعنی بیٹی سن لے کہنا چاہتا ہوں بہو کو ۔

جناب حبیب جالب بلوچ: ہاں بیٹی سن لے کہنا چاہتا ہوں بہو کو ۔ اب مس
ہے کہ جنگ فورم کو دبانے سے آپ دوسرے اخبارات پر بھی یہ تاثر قائم کرنے کی کوشش
رہے ہیں کہ وہ بھی اس ڈگر پر نہ چلیں۔ تو کیا خیال ہے کہیں ایسا تو نہیں کہ اس ملک کے
fascist رویوں کو یا fascist خیالات کو جنم دیا جارہا ہے۔

جناب چیئرمین: میں بھی یہی کہتا ہوں، جب جہانگیر بدر کو کہتا ہوں کہ پانچ
ہیں، تو سن لیں اور بھی ۔

جناب حبیب جالب بلوچ: صرف ایک منٹ رہتا ہے، پانچ منٹ کا آپ ذرا
لیں ۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔

جناب حبیب جالب بلوچ: اب یہاں مسلم لیگ کے دوستوں نے کچھ advance
stater ہیں یعنی سابقہ حکومتوں نے جو کچھ کیا ہے وہ ہمارے لئے جائز ہے۔ میرے
mi تو آپ لوگ آپس میں ضائع کر دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہے جی ختم کرلیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ: اب دیکھیں advance statement انہوں نے دیا انہوں
کہا ہے کہ کیونکہ سابقہ دور میں پیپلز پارٹی کے دور میں یہ کچھ ہوا ہے لہذا ہمارے لئے
ہ جائز ہے۔ خطرہ یہ ہے کہ کہیں وہ یہ نہ کہہ بیٹھیں کہ ہٹلر کے دور میں یہ کچھ ہوا تھا۔
ں کو تہس نہس کر دوں گا اور پارٹیوں کو تہس نہس کر دیا۔ یہ صحافت تو اپنی جگہ پارٹیوں
تہس نہس کردیں۔ یا وہ فرعون کے زمانے میں قرآن کے جو بعد میں آئے تھے ان کے
نسخے جلا ڈالے گئے اس لئے کہ تاکہ کوئی حافظ پیدا نہ ہو۔ دوسری بات انہوں نے کہا کہ
والے information collect کرنے کے لئے گئے، حالانکہ صحافیوں کو FIA والوں کے پاس
ہیے کیونکہ ان کے پاس زیادہ information ہوتی ہیں۔ اب informed لوگ انفارمیشن کے
حافیوں کے پیچھے ہیں تو صحافت کو چھوڑیئے کہ وہ ان انفارمیشنز کو میدان میں لے آئیں
ان پر حملہ کرنے کے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین! وزیر صاحب، دو تین منٹ کوئی چھوٹی سی بات کرنا چاہیں گے۔

چوہدری شجاعت حسین! کل متعلقہ وزیر صاحب آئیں گے تو وہی جواب دیں گے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب والا! اس موشن کو آپ پہلے dispose of کر دیں۔ اور یہ
ریکارڈ پر آجائے کہ پہلی بار تحریک التواء پر وزیر صاحب نے respond نہیں کیا۔

جناب چیئرمین: وہ اس لئے کہ متعلقہ وزیر صاحب نہیں ہیں۔

The House is adjourned to meet again tomorrow at 10.00 a.m.

(The House was then adjourned to meet again on16th December, 1998at 10.00a.m.)